# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعتہ المبارک مورخہ 12 نومبر 2021ء بمطابق 6 ربیع الثانی 1443 ہجری صبح گیارہ بجکر دس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب ڈپٹی سپیکر، محمود جان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

**كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ o وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ o فَبِاَىِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ o يَسْـَٔلُهٗ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِؕ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِىْ شَاْنٍ o فَبِاَىِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ o سَنَفْرُغُ لَـكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ o فَبِاَىِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ o يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْاؕ o لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ o فَبِاَىِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ۔**

(ترجمہ) ہر چیز جو اس زمین پر ہے فنا ہو جانے والی ہے۔ اور صرف تیرے رب کی جلیل و کریم ذات ہی باقی رہنے والی ہے۔ پس اے جن وانس، تم اپنے رب کے کن کن کمالات کو جھٹلاؤ گے ؟۔ زمین اور آسمانوں میں جو بھی ہیں سب اپنی حاجتیں اُسی سے مانگ رہے ہیں ہر آن وہ نئی شان میں ہے پس اے جن وانس، تم اپنے رب کی کن کن صفات حمیدہ کو جھٹلاؤ گے ؟۔ اے زمین کے بوجھو، عنقریب ہم تم سے باز پرس کرنے کے لیے فارغ ہوئے جاتے ہیں۔ (پھر دیکھ لیں گے کہ) تم اپنے رب کے کن کن احسانات کو جھٹلاتے ہو ۔ اے گروہ جن و انس، گر تم زمین اور آسمانوں کی سرحدوں سے نکل کر بھاگ سکتے ہو تو بھاگ دیکھو نہیں بھاگ سکتے اِس کے لیے بڑا زور چاہیے۔ اپنے رب کی کن کن قدرتوں کو تم جھٹلاؤ گے ؟۔ **وآخِرُالدَعْوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ ٱلْعٰلَمِينَ۔**

جناب ڈپٹی سپیکر: جزاک اللہ۔ 'کوئسچنز آور' :کوئسچن نمبر۔۔۔۔۔

جناب مصور خان: جناب سپیکر صاحب، دعا کول دی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: چا باره کښې دعا جی؟

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر صاحب، سوالات ہیں ان کو بعد موقع دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے میڈم، ٹھیک ہے، شارٹ شارٹ، آپ شارٹ بات کریں جی۔ ٹھیک ٹھیک، صرف ایک ممبر بولے گا اس پہ جی۔ پیر مصور شاہ صاحب، پیر مصور۔

جناب مصور خان: بسم اللّٰه الرحمن الرحیم۔ شکریه، جناب سپیکر صاحب۔ په 8 تاریخ په تحصیل درګئ کښې یو افسوسناکه واقعه شوې وه چې په هغې کښې محمد زاده او زمونږ یو بل ملګرے عمر حیات چې د پیپلز پارټئ ضلعی Candidate هم وو او هغوی عموماً د منشیاتو خلاف، د اغواءکارئ، د ډرګز مافیا خلاف په هر فورم هغه آواز اوچتولو، د هغه په 8 تاریخ ماښام ډیر بې دردئ سره هغه ویشتلے شوے وو، شهید شوے دے۔ جناب سپیکر صاحب، زه د چیف منسټر محمود خان انتهائی شکرګزار یم چې په هغه ټائم باندې مونږه د سی ایم صاحب سره رابطه اوکړه او فوری په هغې باندې نوټس واغستو او اے سی، ډی سی په هغې وخت سره Suspend کړل، Close ئے کړل، د هغه ځائے نه لرې کړل خو جناب سپیکر صاحب، محمد زاده یو نډر یو تکړه انسان وو او عموماً به د علاقې د مفادو د راتلون کول د منشیاتو د دغې خبرو خلاف آواز اوچتولو خو نن هغه آواز د هغه بند شو، هغه د خاورو لاندې لاړو۔ سپیکر صاحب، افسوس خبره دا ده چې یو نو جوان راپاځی او هغه د ډرګز مافیا خلاف آواز اوچتوی، د هغه به هم هغه اخری انجام دا وی۔ دویمه خبره دا ده سپیکر صاحب، چې مونږه د انتظامیې چې کوم کردار دے، انتظامیه په کلوګانو چرسونه اونیوی، آئس اونیوی خو زمونږه قانون کښې دومره کمزوری وی چې هغه هفته بعد رها شوے وی او بیا پنځه سوه روپئی زر روپئی جرمانه وی او بیا هغه خپل کار زور و شور سره کوی۔ سپیکر صاحب، زما دې ایوان ته زما د حکومتی د اپوزیشن پارټئ دې ټولو ورونړو ته دا خواست دے چې کم از کم مونږه په دې اسمبلئ کښې ناست یو، مونږه د دې د پاره هغه قانون سازی اوکړو او هغه قانون جوړ کړو چې

کم سے کم په دې کښې عمر قید یا د یو غټه جرمانه راشي چې کم از کم داسې خلق اونیولے شي او د هغوی زر نه زر ضمانت یا رهائی نه کیږی۔ سپیکر صاحب، ډیره د افسوس خبره ده چې کله هم داسې واقعات کیږی او د هغې مخ نیوے زمونږ داسې نوجوانان کوی او هغه انجام داسې وی نو زمو خیال دا دے چې د دغې خلقو به په مونږ باندې بیا راج وی، مونږ به بیا زما خیال دا دے چې زمونږ دا اسمبلی د دې خبرې خاصکر منسټر لاء که وی نو په دې باندې به بیا د هغې نه وضاحت هم غواړو چې په دې ځائے کښې کمزوری په کوم ځائے کښې ده؟ عزتمندو، مونږه سپیکر صاحب څنګه چې مونږه اووئیل په هغه ورځ باندې د هغه لاش چې کله هسپتال ته راغلو، هسپتال ته د Dead body نه مخکښې مونږ رسیدلی وو، د هغه پوسټ مارټم د هغه Even د دې پورې چې مونږه کله د هغه غسل هم مونږ په هسپتال کښې ما پخپله کړے وو، ایماناً درته وایم جناب سپیکر صاحب، چې دوه درې ورځې ما د هغه د زخمونو د لاسه درې ورځې درې شپې ماله خوب نه دے راغلے نو د هغه په ورثاء به څه تیریږی؟ زما دې اسمبلئی ته دا خواست دے چې څومره هم په دې باندې سخت نه سخت قانون سازی کیږی، په هغې به مونږ قانون سازی کوؤ او بیا د هغوی یو غټ ډیمانډ دا وو چې کله د هغوی Dead body لاش راوړو او روډ کښې ئے کیښودو، زمونږه شاهراه مالاکنډ چې کوم وو هغه اته ګهنټې بلاک وه، په هغې کښې بیا مونږ مذاکرات اوکړل، مونږ د سی ایم صاحب شکر ګزار یو چې د هغوی څه ډیمانډونه وو چې هغه مونږه سی ایم صاحب سره بار بار په رابطه کښې وو او هغه ډیمانډونه چې د هغوی کوم 7ATA وه او د اے سی او ډی سی هغه کوم معطل کیدل شو، هغه خو سی ایم صاحب د مخکښې نه کړی وو، بیا د هغې نه علاوه زما د اسمبلئی په دې فورم زه د ټولو په وساطت سره دا درخواست کوم جناب سپیکر صاحب، چې هغوی ډیر انتهائی کمزوری دی که فرض کړه څه نه څه هغوی ته څه پیکیج څه ملاؤ شی ځکه چې د هغوی ذریعه معاش نور څه نیشته، ډیر زیات کمزوری دی او ډیر زیات غریبانان دی او هغه چې کوم انتظامیې په وخت باندې په هغې باندې خپل کار کړے دے او الحمد للّٰه زه داد ورکوم د مالاکنډ هغه انتظامیې ته چې هغه په هغې باندې فوری ایکشن اغستے دے او د بیګا پورې زمونږ رابطه

چې وه نو په هغې کښې چې دړې کسان گرفتار کړی هم دی او ان شاءالله زر نه زر به هغه د میډیا په سکرین باندې هم راشی خو زما دې ایوان ته دا خواست دے چې د دغې منشیاتو، کوم ډرگز مافیا چې ده د دې د پاره مونږه سخت نه سخت قانون سازی زما خواست دے چې په دې باندې مونږ سخت نه سخت قانون سازی اوکړو چې کم از کم عمر قید یا بهاری جرمانه په دې باندې راځی جی چې کم از کم خلق د دې نه واوړی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تهیک شو۔

جناب مصور خان: او زما دې ایوان ته خواست دے چې په جمع مونږه دغې وروڼو ته دعا هم اوکړو، نو دعا د پاره به۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دعا اوکړئ جی، دعا اوکړئ، دعا اوکړئ۔

(اس مرحلہ پر دعائے مغفرت کی گئی)

جناب ڈپٹی سپیکر: شوکت یوسفزئی صاحب، تاسو او شهرام ترکئی صاحب او لاء منسٹر صاحب، تاسو به سی ایم صاحب سره هم خبره اوکړئ، څنگه چې هغوی وائی چې دې کښې Proper نوره سخته قانون سازی کیدے شی نو دې د پاره چې څومره سخته قانون سازی کیدے شی، تاسو هغې باندې کار شروع کړئ جی۔ تهینک یو۔

## نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

Mr. Deputy Speaker: ‘Questions` Hour’: Question No. 12638, Ms. Shagufta Malik.

* 12638 _ محترمہ شگفتہ ملک: کیا وزیر زراعت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2013 سے تاحال مختلف افراد بھرتی ہو چکے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2013 سے تاحال بھرتی ہونے والے افراد کے شناختی کارڈ، ڈومیسائل، تعلیمی اسناد، بھرتی کی تاریخ، اخباری اشتہار، عہدے اور گریڈ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے، نیز سلیکشن بورڈ کے ممبران کی تفصیل اور جن حکام کی سفارش پر بھرتی ہوئے ہیں، ان کی بھی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محب اللہ خان (وزیر زراعت، حیوانات، ماہی پروری وامداد باہمی) جواب (جناب کامران خان بنگش ،وزیر، اعلیٰ تعلیم واطلاعات نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) 2013 کے بعد درجہ ذیل آسامیوں پر بھرتی کی گئی ہے:

1۔ کمپیوٹر آپریٹر، 2۔ جونیئر کلرک، 3۔ لیبارٹری اٹنڈنٹ 4۔ مکینیکل کم الیکٹریکل سپروائزر، 5۔ ڈرائیور، 6۔ اسسٹنٹ اسٹیٹ منیجر، 7۔ اینیمل اٹنڈنٹ، 8۔ ٹریکٹر ڈرائیور، 9۔ دفتری، 10۔ شیڈ اٹنڈنٹ، 11۔ نائب قاصد، 12۔ سویپر، 13۔ گراس کٹر، وغیرہ تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

محترمہ شگفتہ ملک: جی مننه، سپیکر صاحب۔ دا سوال خو ماته دوئ کافی ډیټیلز راکړی، دی بیا هم پکښې دا سې Missing هغه شته چې په هغې کښې Over age کسان هم دی او په هغې کښې دا سې کسان شته چې د هغوی ماته Proper detail نه دے راکړے شوے خو څومره چې نور ما اوکتل نو ډیر زیات کافی ماشاء الله ډیټیل کښې دی نو زما په خیال زما خو کافی حده پورې زه مطمئنه یم جی، مهربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، تھینک یو جی۔ جی کامران بنگش صاحب۔

جناب کامران خان بنگش (وزیر، اعلیٰ تعلیم واطلاعات): سر، میډم د ایګریکلچر حوالې سره دغه کړے وو، ما سره دا ډاکیومنټس دی خو دا نیم دی، میډم چې کوم 2013ء نه ډاکومنټس غوښتی دی، ډیپارټمنټ نه هغوی مطمئن دی خو زه بیا هم دا غواړمه چې دا ورله مونږ ټول ورکړو، دا نیم ډاکیومنټس دی، نیم نور هم دی نو مونږه میډم ته ورکول غواړو چې د هغوی پکښې څهConcerns وی چې بیا Accordingly share کړی خو ډیپارټمنټ ډیر ښه Effort کړے دے، دا صرف Half documents دی چې کوم ما سره دی، Half نور هم دی مونږ به ئے میډم ته حواله کړو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تهیک ده، تهینک یو۔ جی میډم۔

محترمہ شگفتہ ملک: دا ماته راکړی شوی دی او ما دا ټول کتلی دی، کامران صاحب ته زما دا هغه دے چې ما کتلی دی، لږ ډیر Missing پکښې شته خو هغه Already چونکه ډیپارټمنټ چې څومره خواری کړې ده، زما کوشش دا دے چې نور ډیپارټمنټ دې هم لږه ایزد کړه اوکړی، مننه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھیک شو تھینک یو۔ کوئسچن نمبر 12702 محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی صاحبہ۔

* 12702 _ محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: کیاوزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے ضلع کرم (سابقہ فاٹا) محکمہ بلدیات کے شعبے کے لیے ترقیاتی فنڈز مختص کئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو؛

1۔ مذکورہ محکمے کے لیے کل کتنا فنڈ مختص کیا گیا ہے؛

2۔ مذکورہ محکمے کو کتنا فنڈ ریلیز کیا گیا ہے؛

3۔ مذکورہ محکمے میں کتنا فنڈ تاحال خرچ کیا ہے، مکمل تفصیل فراہم کیا جائے؟

جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ) جواب (جناب شوکت علی یوسفزئی وزیر محنت نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) 1۔ مذکورہ محکمے کے لیے کل فنڈ اس سال کے لیے 184.712 ملین مختص کیا گیا ہے۔

2۔ مذکورہ محکمے کے لیے 40.000 ملین فنڈ ریلیز کیا گیا ہے۔

3۔ مذکورہ محکمے نے 15.000 ملین فنڈ تاحال خرچ کیا ہے، رپورٹ لف ہے۔

Developmental Portfolio of LGRD, Kurram

| S. No | A DP No. | Code Name of the Scheme, (Status) with forum and date of last approval | Allocation 2020-21 | | | Release 2020-21 | | | Expenditure 2020-21 | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | Capital | Revenue | Total | Capital | Revenue | Total | Capital | Revenue | Total |
| 1 | 1232 | 191608-180371 – Cibstr: & B?Topping of farm to Market road in Lower District Kurram [MA] (a)/DDWP/27-05-2019 | 36.463 | 0.000 | 36.463 | 15.000 | 0.000 | 15.000 | 0.000 | 0.000 | 0.000 |
| 2 | 1233 | 19162-170124-construction of Small Bridge for Taritang, | 28.110 | 0.000 | 28.110 | 10.000 | 0.000 | 10.000 | 0.000 | 0.000 | 0.000 |

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | Gawder and Village Cheena of Kurram Agency (Phase-I) [MA](A)/FDWP/06-03-2018 | | | | | | | | | |
| 3 | 1234 | 19622-170125-Execution of Rural Work Programme in Kurran Agency. [MA] (A)/ADSC/13-10-2017 | 25.139 | 0.000 | 25.139 | 10.000 | 0.000 | 10.000 | 10.000 | 0.000 | 10.000 |
| 4 | 1258 | 191647-190296-PCC Link Road & drinking water supply Schemes in District Kurram [MA] (A)/DDWP/15-09-2020 | 40.000 | 0.000 | 40.000 | 0.000 | 0.000 | 0.000 | 0.000 | 0.000 | 0.000 |
| 5 | 2211 | 195316-Installation of Solar Lights, Construction of Footpath & Drain, BTR and Waiting Sheds in Selected Areas in District Kurram . (AIP) (B)/PDWP// | 30.000 | 0.000 | 30.000 | 5.000 | 0.000 | 5.000 | | 0.000 | |
| 6 | 2193 | 191954-180308 Municipal Services and Commercial Area Development in District Kurram | 25.000 | 0.000 | 25.000 | 40.000 | 0.000 | 40.000 | 5.000 | 0.000 | 5.000 |

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | [MA] (A)DDWP 15/01/20 | | | | | | | | | |
| Total | | | 184.712 | 0.000 | 184.712 | | 0.000 | | 15.000 | 0.000 | 15.000 |

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: ډیرہ مننه جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، میرا جو سوال ہے وہ پھر وہی میرا سوال ہے کہ کیاوزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے کہ آیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے ضلع کرم فاٹا محکمہ بلدیات کے شعبے کے لیے ترقیاتی فنڈز مختص کئے ہیں؟جناب سپیکر، جواب میں بتایا گیاہے کہ محکمہ بلدیات میں ضلع کرم کے لئے 2017اور 2018 سے مختلف مد میں 184 ملین روپے جو مختص کئے ہیں اور 184 میں سے چالیس ملین ریلیز کئے ہیں اور چالیس ملین میں سے ابھی تک پندرہ ملین خرچ ہوئے ہیں۔ جناب سپیکر، چاہیے تو یہ تھا کہ 184 ملین جنگ زدہ علاقہ کرم کی بنیادی ضروریات کے لیے جو مختص کیے تھے، سارے ریلیزاور خرچ ہوتے کیونکہ وہ علاقہ دہشت گردی سے بری طرح متاثر ہواہے اور نہایت پسماندہ علاقہ ہے۔ جناب سپیکر،آپ سیریل نمبر 1 اور سیریل نمبر 2 میں دیکھیں کہ جو پیسے روڈوں اور پلوں کے لئے ریلیز کئے گئے ہیں جو کہ 25 ملین ٹوٹل بنتے ہیں یہ رقم 2017 اور 2019 سے ریلیز ہوئی ہے،اس میں تاحال ایک روپیہ بھی خرچ نہیں ہوا، تو یہ پیسے کس کے اکاؤنٹ میں پڑے ہوئے ہیں اور یہ پیسے اب تک کیوں خرچ نہیں کئے گئے ہیں؟ابھی تو 2021 چل رہاہے، جناب سپیکر! پھر آپ سیریل نمبر 4 میں دیکھیں تو ضلع کرم میں Safe drinking water کے پراجیکٹ کے لئے 40 ملین مختص کئے گئے ہیں،اب تک اس میں سے ایک روپیہ بھی ریلیز نہیں ہوا،اس کا مطلب یہ ہوا کہ ضلع کرم میں Safe drinking پانی کا ایک بھی پراجیکٹ نہیں ہوا اور سیریل نمبر 5 میں دیکھیں تو ڈرینج سسٹم کے لئے مختلف مدوں میں 30 ملین روپے رکھے گئے ہیں لیکن اس میں بھی ایک روپیہ ریلیز نہیں کیا گیا، جناب سپیکر! اس کا مطلب یہ ہے کہ میرے آج تک جو بھی سوالات آتے رہے ہیں،آج وہ تمام چیزیں اس بات کو یعنی Prove کر رہی ہیں کہ 184 ملین روپے جو کہ ریلیز ہو چکے تھے 2017-2018 میں جناب سپیکر صاحب،آپ خود دیکھ لیں،آپ کے پاس پڑا ہوا ہے جو جواب ہے اور اس میں A,B میں نے جتنا بھی پڑھا ہے تو جناب سپیکر صاحب، میں پوچھنا چاہتی ہوں ڈیپارٹمنٹ سے کہ یہ 184 ملین روپے جو ہیں 40 ملین ریلیز ہوئے ہیں اور پھر اس کے بعد 15 ملین خرچ ہوئے ہیں، تو یہ جنگ زدہ علاقوں کے پیسے کون اپنی جیب میں ڈال رہاہے، کس کے اکاؤنٹ میں پڑے ہوئے ہیں، کون اس پر

منافع لے رہا ہے؟ ہمیں اب بتایا جائے جناب سپیکر صاحب، اب بہت ہو چکا ہے کیونکہ جنگ زدہ علاقوں کے ساتھ یہ لوگ جو ہیں، جو بھی جواب آتا ہے، آپ گواہ ہیں اس بات کے کہ مختص ہوئے، ریلیز ہوئے، خرچ کچھ نہیں ہوا جناب سپیکر صاحب! مجھے تو اب بات کرتے ہوئے بھی عجیب سا لگتا ہے کہ آخر ہم نے Merged areas کو کیوں Merge کیا اور اگر Merge کر بھی لیا، اگر وہ غلطی سے ہمارے ساتھ Merge ہو بھی گئے تو ان کی تعلیم کے لئے، ان کے ڈرینج سسٹم کے لئے جو پیسے رکھے گئے تھے وہ بھی خرچ نہیں ہوئے ہیں، ان کے Safe drinking water جو ہے، اس میں بھی کوئی خرچ نہیں ہوا، ان کا ایک Bridge تھا، اس میں بھی کوئی خرچ نہیں ہوا، تو جناب سپیکر صاحب، سنٹرل کرم ایک نہایت ہی پسماندہ علاقہ ہے جہاں پر اور کزئی جو ہے، تو وہ غریب اور کزئی رہتے ہیں جناب سپیکر صاحب، کیوں ان کے ساتھ ایسا ہو رہا ہے؟ ڈیپارٹمنٹ اپنی ذمہ داریوں کو کیوں پورا نہیں کر رہا ہے؟ اور جو اس کا Concerned Minister ہے وہ جس علاقے سے بھی تعلق رکھتا ہے لیکن وہ اس کو ریلیز اور مختص اس سے نکال کر اور خرچ کی طرف کیوں نہیں جا رہے ہیں، ہم کیوں نہیں خرچ کر رہے ہیں؟ تو اس بات پہ مجھے اگر سوال کا جواب دے دیا جائے تو مہربانی ہوگی۔

<u>جناب میر کلام خان</u>: جناب سپیکر۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: سپلیمنٹری جی۔ میر کلام خان صاحب، سپلیمنٹری۔

<u>جناب میر کلام خان</u>: تھینک یو جناب سپیکر، میرا سپلیمنٹری کوسچن ہے لیکن سپیکر صاحب کی رولنگ بھی مجھے یاد ہے کہ اس سے Relevant تھوڑا ہوگا لیکن جناب سپیکر، مجھے جواب نہیں چاہیے، صرف میں منسٹر کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ میرے حلقہ میں چودہ ویلج کونسل ہیں، وہ آئی ڈی پیز ہیں جناب سپیکر، یہ کوسچن لوکل گورنمنٹ کا ہے چونکہ وہاں پہ اب الیکشنز ہونگے لیکن 2017 کی مردم شماری میں وہاں کے لوگ آئی ڈی پیز تھے، ان کو زیرو وہ بتایا گیا ہے، اس کی آبادی، تو ان کے لئے میں الیکشن کمیشن میں بھی گیا لیکن وہاں پر۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: میر کلام خان، یہ تو اس کے ساتھ Related ہی نہیں ہے۔

<u>جناب میر کلام خان</u>: لوکل گورنمنٹ کی بات ہو رہی ہے، میں صرف منسٹر کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: دیکھیں، آپ نے خود کہا کہ سپیکر صاحب کی رولنگ موجود ہے۔

<u>جناب میر کلام خان</u>: بالکل، ابھی میں جواب نہیں چاہتا ہوں، صرف اس کے نوٹس میں۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ کوئسچنز آور ختم ہو جائے، اس کے بعد آپ پوائنٹ آف آرڈر پر آخر میں بات کریں، کوئسچنز پورے ہو جائیں، Complete ہو جائیں، اس کے بعد بات کر لیں۔ Ji, concerned Minister, to respond.

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وافرادی قوت): جناب سپیکر، میڈم نگہت نے بڑا Valid point اٹھایا ہے اور واقعی ہمارے جو ایریاز ہیں، کافی پسماندہ بھی ہیں اور جو فگرز دیئے گئے ہیں، اس سے تو ایسا لگتا ہے کہ انہوں نے کوئی کام نہیں کیا ہے لیکن Basically کیونکہ وہاں پہ آپ کو پتہ ہے کہ جو لوکل گورنمنٹ کا سٹرکچر تھا فاٹا کے اندر، وہ اس وقت پورا مکمل نہیں تھا، تو اس میں کافی ریکروٹمنٹ بھی ہوئی، وہ پورا سٹرکچر بنایا گیا، ٹی ایم ایز بنائے گئے، ان کے لئے Equipments لئے گئے، یہ سارا کچھ کر کے لیکن یہ کہ ابھی اس سال ان شاء اللہ تعالیٰ یہ کوشش ہو گی کہ یہ پیسے خرچ بھی ہوں اور مزید ان کو پیسے ریلیز بھی کئے جائیں اور اس کے باوجود بھی اگر یہ کہتے ہیں کہ نہیں مجھے اور ڈیٹیل چاہیئے تو میں کمیٹی میں بھی بھیجنے کے لئے تیار ہوں لیکن جو ہمیں بتایا گیا ہے، میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے یہ کیا ہے، ابھی یہ Expedite ہو رہا ہے کیونکہ پہلے ٹی ایم ایز کا سٹرکچر Complete نہیں تھا تو زیادہ تر وقت اس پر لگا، ظاہر ہے اس کے لئے ریکروٹمنٹ کرنا تھی، اس کے لئے آفسز کھولنا تھے، تو اس لئے یہ Delay ہوا ہے، تو ان شاء اللہ تعالیٰ اس سال ابھی اس پہ کام تیز ہو رہا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی میڈم نگہت اورکزئی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سپیکر صاحب، شوکت یوسفزئی صاحب ایک آنریبل منسٹر ہیں اور میرے لئے بہت زیادہ یہ معزز ہیں اور میں سمجھتی ہوں کہ انہوں نے جو Floor of the House بات کر دی ہے تو میں اس سے بالکل مطمئن ہوں کہ اگر یہ اس سال بھی ہو جائے تو چلیں دیر آید درست آید۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ کوئسچن، جی کامران بنگش صاحب، جی کامران صاحب۔

جناب کامران خان بنگش (وزیر، اعلیٰ تعلیم واطلاعات): سر، میری ایک ریکوسٹ ہے آنریبل ممبرز سے بھی کہ اگر ایگریکلچر اور لائیوسٹاک کے کوئسچنز پہلے لے لئے جائیں، بارہ بجے مجھے کسی اور جگہ بلایا گیا ہے، ایک آفیشل میٹنگ کے لئے، تو میری ریکویسٹ یہی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے جی، کامران صاحب نے ریکویسٹ کی ہے کہ ان کے ایگریکلچر کے کوئسچنز پہلے لئے جائیں کیونکہ وہ باہر جا رہے ہیں، تو ان کے پہلے لے لیتے ہیں۔ کوئسچن نمبر 12860، جناب خوشدل خان صاحب۔

* 12860 _ جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: کیاوزیرزراعت ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ حکومت نے حلقہ PK-70 میں کوہ دامان کو دہشت گردی سے متاثرہ علاقہ قرار دے کر اس کی ترقی کے لئے ایک پراجیکٹ منظور کیا تھا؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو؛

1 مذکورہ پراجیکٹ میں زراعت کی مد میں کتنی رقم، فنڈز مختص کئے گئے تھے، تفصیل بمعہ دستاویزات کے فراہم کی جائے؛

2 مذکورہ رقم کہاں کہاں اور کون کونسے اوزار خریدنے میں خرچ ہوئی، نیز کتنی تعداد میں کس قسم کی کھاد، سبزی اور فصل کے بیج خریدے گئے؛

3 کن کن کاشتکاروں، زمینداروں میں کس طریقہ کار کے تحت کھاد، سبزی اور فصل کے بیج تقسیم کئے گئے، کاشتکاروں کے نام، ولدیت، پتہ اور شناختی کارڈ کی کاپی کی تفصیل فراہم کی جائے؛

4 مذکورہ بالا اشیاء کی خریداری کے لئے ٹینڈرز کی تفصیل بمعہ ٹھیکیدار کے مکمل کوائف کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محب اللہ خان (وزیر، زراعت، حیوانات، ماہی پروری و امداد باہمی) جواب (جناب کامران خان بنگش، وزیر، اعلیٰ تعلیم و اطلاعات نے پڑھا): (الف) جی ہاں، PK-70 سابقہ PK-10 میں Development activates in militancy hit area of Koh-e- Daman کے نام سے پراجیکٹ منظور ہوا تھا جو کہ Special Development Unit (SDU) کا تھا۔

(ب) 1۔ اس پراجیکٹ میں درجہ ذیل رقومات مختص کی گئی تھیں، مذکورہ پراجیکٹ میں 2014-15 کے دوران 13.970 ملین منظور ہوئے تھے جبکہ اس سال کے دوران ٹوٹل خرچہ 5.99 ملین تھا، باقی رقم Surrender کی گئی تھی، بجٹ کاپی Expenditure statement اور Excess/saving ریکارڈ میں ہے۔ 2015-16 کے دوران پراجیکٹ میں 51.14 ملین روپے منظور ہوئے تھے جبکہ اسی سال کے دوران ٹوٹل خرچہ 51.139 ملین ہوا تھا۔

2۔ تمام بیج، کھاد اور مشینری لسٹیں ریکارڈ میں ہیں۔

3۔ تمام ریکارڈ متعلقہ سرکل زراعت آفیسر کے پاس محفوظ ہے۔ چونکہ یہ ریکارڈ بہت زیادہ ہے لہذا تمام ریکارڈ پیش کرنا مشکل ہے، البتہ اس کو کسی بھی وقت چیک کیا جا سکتا ہے اور محترم ایم پی اے صاحب کو

سیکرٹری زراعت نے درخواست کی تھی کہ جب بھی دفتر میں آنا چاہیں، ان کو ساری معلومات فراہم کر دی جائیں گی۔

4۔ تمام اشیاء کے ٹینڈرز ہوئے ہیں، چونکہ ریکارڈ از حد زیادہ ہے لہذا ریکارڈ کسی بھی وقت دفتر میں دیکھا جا سکتا ہے۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: سپیکر صاحب، زه دې Reply نه مطمئن نه یمه او دغسې Proper documents هم نشته دے، تاسو دا اوګورئ چې دا هم د هغه کوئسچن باره کښې دے چې کوم مخکښې ورځو کښې تاسو کمیټی ته ریفر کړے دے، دوئ دا لیکی، اخیری دریم Row باندې دی ۔ تمام ریکارڈ متعلقہ سرکل زراعت آفیسر کے پاس محفوظ ہے کیونکہ ریکارڈ بہت زیادہ ہے لہذا تمام ریکارڈ پیش کرنا مشکل ہے، البتہ اس کو کسی بھی وقت چیک کیا جا سکتا ہے، محترم ایم پی اے صاحب کو سیکرٹری زراعت نے درخواست کی ہے کہ جب بھی دفتر آنا چاہیں ان کو ساری معلومات، اسی طرح تمام اشیاء کے ٹینڈرز ہوئے، چونکہ ریکارڈ زیادہ ہے لہذا ریکارڈ کسی بھی وقت دفتر میں دیکھا جا سکتا ہے تو میں یہ ریکویسٹ کرونگا آپ سے اور ہاؤس سے کہ اس کو بھی آپ مطلب ہے Committee concerned کو ریفر کر لیں تاکہ وہاں پر یہ ریکارڈ لا سکیں، اگر یہاں یہ نہیں لا سکتے اور یہ کتنا ریکارڈ ہوگا کہ یہ مطلب ہے یہ تو معمولی کوسچن ہے، جو انہوں نے Expenditure کیا ہے، انہوں نے Purchase کیا ہے، تو ان کی رسیدات ہونگی، تو میری انفارمیشن کے مطابق ان کے پاس ایسا کوئی ریکارڈ ہے ہی نہیں، تو میری یہ ریکویسٹ ہوگی کہ جیسے پہلے آپ نے ریفر کیا تو ان کو بھی ریفر کر کے یہ ریکارڈ وہاں پر پیش کریں گے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: کامران بنگش صاحب۔

<u>جناب کامران خان بنگش، وزیر، اعلیٰ تعلیم و اطلاعات)</u>: سر، آنریبل ممبر نے جو کوسچن کیا ہے، وہ ایک 14-2013 کا پراجیکٹ ہے اور جیسے میں نے آپ کے سامنے آنریبل ممبر کو شگفتہ بی بی کو وہ بھی بتایا 2013 سے لیکر 2019 تک ان کے پاس ساری ڈاکومنٹس، مجھے یہ کہا گیا کہ باہر گاڑی کھڑی ہے، اگر ان کو ڈاکیومنٹس چاہئیں، انہوں نے کہا میں حیران ہوگیا کہ انہوں نے ایک رات میں وہ پڑھ بھی لیں، سب کچھ اتنی زیادہ ڈاکیومنٹس انہوں نے پڑھ بھی لیں، ان کے Observations بھی آ گئے، Any way جو ان کا کوسچن ہے وہ Procurement سے Related ہے اور کن کن Beneficiaries کو جا چکا ہے،

مسٹر سپیکر، جو ڈیپارٹمنٹ نے ڈیٹیلز دی ہیں وہ Beneficiaries 13679 ہیں جن میں Wheat کے جو Bags ہیں، یوریا کے وہ 7874 ہیں، Maize یوریا کے 3440 Bags ہیں، Bush cutter کے 550 ہیں جو Bush cutter انہوں نے دیئے ہیں، سپرے پمپس سٹیل کے 1815 ہیں، یہ 13679 Beneficiaries ہیں مسٹر سپیکر، اس کے علاوہ باقاعدہ طور پر ٹینڈرز ہوئے ہیں اس کے، تو وہ ساری ڈیٹیل انہوں نے کہا ہے کہ بہت زیادہ ایک اسی طرح کی (ڈیسک پر کاغذات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے) بلکہ شاید اس سے بھی زیادہ وہ بن جاتی کہ ہر ایک Beneficiary کے شناختی کارڈ کی کاپی اور ان کو کیا چیز ملی ہے اور ان کی Receipts اور پھر اخبار میں جو آیا تھا اور ان کے گھر تک پہنچایا گیا، انہوں نے کیسے Apply کیا تھا، تو یہ ڈیپارٹمنٹ نے اس Sense میں کہا ہوا ہے، ہم Transparency پر Believe کرتے ہیں اور یہ ایک زندہ مثال ہے کہ 2013 سے لیکر 2019 تک جتنی بھی ریکروٹمنٹ ہوئی تھی وہ بھی ہم نے Provide کر دی ہے، اگر ان کو چاہیئے تو وہ ان کو مل سکتی ہے لیکن مسٹر سپیکر، یہ کیا اخذ کرنا چاہتے ہیں؟ ان سے یہ ذرا اگر وہ بتا دیں تو ہم اسی حساب سے ان کو پھر Convince کر دیں گے، ہم نے ایک Example دی ہے کہ ریکروٹمنٹ کی ساری ڈیٹیل آپ کے سامنے ہم نے پیش کر دی ہے، اسی طرح یہ کوئسچن بھی ہے، اس میں ہر آئٹم کی Specification پھر ٹینڈر پھر کس کس نے Participate کیا، پھر کس کس کو Deliver ہوا، کس کس نے Application دی، ساری چیزیں Available ہیں ڈیپارٹمنٹ کے پاس۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی خوشدل خان صاحب۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: سر، آپ دیکھ لیں، یو منٹ پلیز۔ میرا کوئسچن کیا ہے، کن کن کاشتکاروں، زمینداروں میں کس طریقے کے تحت کھاد، سبزی اور فصل کے بیج تقسیم کئے گئے ہیں، کاشتکاروں کے نام، ولدیت، پتہ اور شناختی کارڈ کی کاپی فراہم کی جائے؟ تو یہ ڈیپارٹمنٹ کو پتہ ہو گا، انہوں نے Distribution کی ہو گی، تو یہ ریکارڈ کہاں پر ہے؟ یہ تو اس کو چاہیئے تھا کہ اس کے ساتھ شامل کرتے، اگر وہ نہیں شامل کیا، وہ کہتے ہیں کہ آپ ہمارے دفتر آ جائیں تو یہ تو ایک ممبر کا اور اسمبلی کا اور آپ کا یہ تو استحقاق مجروح ہو رہا ہے کہ ہم جو کوئسچنز کرتے ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ انفارمیشن ہم لینا چاہتے ہیں ڈیپارٹمنٹ سے کہ آپ کو ہم نے رقم دی ہے، جو اس اسمبلی نے آپ کو بجٹ منظور کر کے آپ کو دیا ہے تو آپ نے Utilization کہاں کی ہے اور کس طریقے سے کی ہے؟ تو وہ تو ہمیں اسمبلی کو، سیکرٹریٹ کو وہ

انفارمیشن فراہم کرے گا، اور میں بار بار یہ کہتا ہوں، یہ تو کامران بنگش کو بھی پتہ ہے کہ Identical جو ہے آپ نے یہ کوسچن Already refer کیا ہے تو یہ بھی کرلیں تاکہ وہاں پر ریکارڈ کو لاسکتے ہیں، اب اگر یہ، یہ دیکھو یہ بھی غلط Precedent ہے سر، کہ یہاں ایک منسٹر کھڑا ہو کر ہمیں یہ کہتا ہے کہ آپ کو جو چاہیئے آپ کو دیدے گا، یہ کیا طریقہ ہے؟ یہ ہمارے پروسیجر میں ہے، یہ قانون میں ہے؟ یہاں پر ایک کھڑا ہو کر کہ آپ جو چاہتے ہیں تو آ جائیں، میں تو یہ چاہتا ہوں آپ اس کو نہیں دے رہے، مجھے جب آپ نے نہیں دیئے تو اس کے لئے پھر Proper forum پھر ہماری کیمٹیاں ہوتی ہے، وہاں پر آپ لائیں گے، وہاں پر آفیسرز ہونگے، ہم ان سے پوچھیں گے کہ ان کے پاس کیا ہے کیا نہیں ہے؟ وہاں پر کوئی سزا تو نہیں ہے لیکن کم از کم انفارمیشن تو ہمیں دے سکتے ہیں، تو میرے لئے، سر، اس کو ایک As a precedent کمیٹی کو Recommend کر کے بھیج دیں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی کامران بنگش صاحب، او د ریږئ جی چې د دوئ دا خبره۔۔۔۔

<u>محترمہ شگفتہ ملک</u>: جناب سپیکر۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: میډم، ستا سو خبره، کوئسچن ختم شوے دے جی، دا خوشدل خان صاحب والا دے۔ جی کامران بنگش صاحب، کامران بنگش صاحب۔

<u>جناب کامران خان بنگش، وزیر، اعلیٰ تعلیم واطلاعات</u>: مسٹر سپیکر، خوشدل خان صاحب کو جو ڈیٹیل چاہیے، اس کی ایک Precedent اس سے ایک کوسچن قبل میں نے دی ہوئی ہے، اس سے ایک کوسچن قبل ہم نے آپ کو ایک Example دے دی ہے کہ یہ، مسٹر سپیکر، (ڈیسک پر کاغذات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے) یہ ڈاکیومنٹس ہیں ہمیں صرف اس ہاؤس میں یہ دیکھنا ہے کہ جو سوال آتا ہے مسٹر سپیکر، مسٹر سپیکر، جو سوال آتا ہے۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: ایجنڈا ختم ہو جائے پھر میں موقع دیتا ہوں ان شاءاللہ۔ جی۔

<u>وزیر، اعلیٰ تعلیم واطلاعات</u>: ایک مقصد ہوتا ہے، ہمیں مسٹر سپیکر، اس مقصد کی طرف دیکھنا ہے، ہم صرف یہ ریکویسٹ کرتے ہیں اپنے آنریبل ممبر سے کہ اتنی زیادہ ڈاکیومنٹس نہ وہ خود پڑھ سکتے ہیں نہ وہ اس سے کوئی نتیجہ اخذ کرسکتے ہیں، ایسے کوسچن کا مطلب کیا ہے؟ ادھر آپ یہ بتادیں کہ ان کے شناختی کارڈ نمبرز بھی بتائیں اور ان کے شناختی کارڈ کی کاپیاں بھی بتادیں اور ان کی رسیدیں بھی بتائیں، مسٹر سپیکر، یہ چیزیں جو ہیں اس کے لئے الگ سے فورمز ہیں جن کو بارہا یہ ہمارے آنریبل ممبرز بھی اور ہم نے بھی کیا،

یقیناًآڈیٹر جنرل کی جو رپورٹس ہوتی ہیں پھر ان کو ڈیپارٹمنٹ Handle کرتا ہے، ایک ایک چیز کو Minutely دیکھا جاتا ہے، ہماری ریکویسٹ صرف یہ ہے، میں نے خوشدل خان صاحب سے یہ پوچھا ہے کہ وہ اس سے کیا اخذ کرنا چاہتے ہیں؟ وہ یقیناً ان کے حلقے کا ہے، اس سے یہ بتائیں ان کو اگر کوئی Concerns ہیں تو وہ بتائیں، یہ کہنا کہ یار یہ تو کوئی Data available ہی نہیں ہے، ایسا تو کوئی ہے ہی نہیں، اور میری معلومات کے مطابق مسٹر سپیکر، ایک کوسچن پر ڈیپارٹمنٹ نے بالکل تفصیلی ڈیٹا فراہم کر دیا 2013 سے لیکر 2019 تک دس فارمیشنز ہیں مسٹر سپیکر، ایگریکلچر اینڈ لائیو سٹاک ڈیپارٹمنٹ کے دس فارمیشنز کے ایک ایک بندے کا وہ کلاس فور کی اپوائنٹمنٹ سے لیکر سترہ گریڈ کی اپوائنٹمنٹ تک ساری ڈیٹیلز جو ہیں، وہ اس میں Provided ہیں، یہ Half data ہے، ہمارا یہ Concern ہے کہ آنریبل ممبر یہ بتائیں کہ وہ اس سے کیا اخذ کرنا چاہتے ہیں، کیا ان کے Concerns ہیں؟ اس کے اوپر بات ہو جائے بہ نسبت یہ کہ ہم کہہ دیں کہ جی وہ سارا Data provide کر دیں اور وہ پھر یقنناً اس میں ہمیں علم ہے اس کا Humanly possible نہیں ہے کہ ایک رات میں وہ اتنا کچھ پڑھ لیں، اس سے ایک کاغذ سے وہ کہیں گے کہ اس میں یہ ہے اور اس میں وہ ہے، اس سے کوئی نتیجہ نہیں اخذ ہو سکتا۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: دیکھیں کامران صاحب۔

<u>وزیر، اعلیٰ تعلیم واطلاعات</u>: ہمیں ہاؤس کو گمراہ کرنے کی بجائے ہمیں Clearly بتادینا چاہیے کہ کیا آپ کے Concerns ہیں؟ وہ بتائیں، ہم آپ کو وہ بتادیں گے۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: ایک منٹ کامران صاحب۔

<u>وزیر، اعلیٰ تعلیم واطلاعات</u>: لیکن یہ تو کوئی بات نہیں ہوئی کہ فلاں بچہ کدھر پیدا ہوا، اس نے پرائمری تعلیم کہاں سے حاصل کی، اس نے جس ڈاکٹر سے علاج کرایا تھا، اس کے تایا کا کیا نام تھا، وہ تایا اس کی کہاں پر پیدا ہوئی؟۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: کامران صاحب، ایک منٹ، ایک منٹ، (قطع کلامی) اس کو میں، ایک منٹ، ایک منٹ میں آپ کو ایجنڈے کے بعد دونگا، کامران، ایک منٹ جی، آپ کا پوائنٹ بھی آگیا، ان کا بھی آگیا ہے، آپ Agree کرتے ہیں کہ یہ کمیٹی میں جائے یا نہ جائے؟ صرف مجھے یہ بتائیں۔

<u>Minister, Higher Education &Information</u>: No, Sir.

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: میں Put کر دیتا ہوں، آپ وہ کریں۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: خوشدل خان صاحب، میں Put کرتاہوں کمیٹی کے لئے، خوشدل خان صاحب، ایک منٹ، آپ کی ریکویسٹ آ گئی کہ اس کو کمیٹی کے لئے Put کریں۔ جی۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: یہ کہتے ہیں کہ یہ ممبران کیااخذ کرتے ہیں؟ یہ تو ہمارا Right ہے، یہ تو ہم سے ہمارا پریویلیج چھین رہے ہیں، اس کا مطلب تو یہ نہیں ہے کہ کیااخذ کرناہے؟ میں اخذ یہ کرتاہوں کہ آپ مجھے بتائیں کہ آپ نے 51 ملین کس چیز پر خرچ کئے، آپ نے مشینیں خریدی ہیں، آپ نے یوریا خریداہے، کہاں خریداہےاور کن کو دیاہے؟ یہ میرا Right نہیں بنتاہے؟۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے۔۔۔۔۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: پانچ کروڑ دس لاکھ روپے کہاں غائب ہوئے ہیں، کہاں پر، ان کی رسید کو Attach نہیں کیاہے، آپ نے کن کو پودے دیئے ہیں؟ یہ کہتے ہیں کہ کیااخذ کرتے ہیں؟ یہ کوئی بات ہے، یہ ممبران، یہ ہمیں ایسے کہیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کمیٹی کو ریفر کرناچاہ رہے ہیں، میں اس کو Put کرتاہوں جی۔

Deputy Speaker: Is it the desire of the House that Question No. 12860 may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say ‘Aye’. Those who are against it may say ‘No’. Count.

Yes والے کاؤنٹ کریں جی، Favour والے کھڑے ہو جائیں، Favour والے کھڑے ہو جائیں۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب ڈپٹی سپیکر: ابھی آپ بیٹھ جائیں، ’No‘ والے کھڑے ہو جائیں، آپ بیٹھ جائیں، بیٹھ جائیں، ابھی ’No‘ والے کھڑے ہو جائیں۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

Mr. Deputy Speaker: Fifteen vs. nineteen.

(The motion was defeated)

Mr. Deputy Speaker. The ‘Noes’ have it. میں آپ کو موقع دونگا، میں دونگا۔

کوئسچن نمبر 13229۔ جناب عنایت اللہ خان صاحب۔

* 13229 _ جناب عنایت اللہ: کیاوزیر لائیوسٹاک ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) صوبائی حکومت نے سالانہ ترقیاتی پروگرام 20-2019اور 21-2020میں نئے جاری منصوبوں کیلئے فنڈز مختص و جاری بھی کئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کن کن اضلاع کیلئے فنڈ مختص کیا گیا ہے، تمام اضلاع کی درجہ بندی کی جائے، نیز تمام اضلاع کو جاری فنڈز کی تفصیل سمیت جاری شدہ فنڈز کی بھی درجہ بندی کی جائے، نیز جاری اور مختص شدہ رقم کی حلقہ وائز تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محب اللہ خان (وزیر زراعت، حیوانات، ماہی پروری وامداد باہمی) جواب (جناب کامران خان بنگش وزیر، اعلیٰ تعلیم واطلاعات نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔

جناب عنایت اللہ: شکریہ جناب سپیکر صاحب، میں نے لائیو سٹاک کے حوالے سے سوال کیا ہے، سوال یہ ہے کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام20-2019ءاور 21-2020ء میں نئے اور جاری ترقیاتی منصوبوں کیلئے فنڈز مختص و جاری کئے گئے تھے، اس میں میں نے اضلاع کی Ranking بتائی ہے کہ آپ ایک دو تین کے حساب سے مجھے اضلاع کی بتائیے کہ کن ضلعوں کو کتنے فنڈز گئے ہیں؟ تو اس طرح خوشدل خان صاحب کا سوال تھا، وہ تو تھوڑا Difficult تھا، اس میں تو شناختی نمبر اور ایڈریس مانگے گئے تھے، میرے سوال میں تو ضلعوں کے نام ہیں کہ آپ نے کن ضلعوں کو کتنے فنڈز دیئے ہیں؟ کم از کم مجھے سوال سے کوئی، کوئی نتیجہ میں نہیں نکالتا میں جو نتیجہ نکالنا چاہتا ہوں وہ نہیں نکل رہا ہے لیکن کامران صاحب میری اتنی مدد کریں کہ ٹاپ فور ضلعوں کے نام بتائیں کہ لائیو سٹاک میں ڈیویلپمنٹ سائڈ پہ Top four ضلعے کونسے ہیں اور Bottom four کونسے ہیں؟ یہ جواب مجھے ملے گا، بس میں مطمئن ہونگا۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے۔

جناب عنایت اللہ: یہ نہیں ملے گا تو پھر اگلا مطالبہ پھر آپ مجھے وقت دے دیں، میں اب نہیں کرونگا، ٹھیک ہے۔

Mr. Deputy Speaker: Concerned Minister, to respond.

جناب کامران خان بنگش، وزیر، اعلیٰ تعلیم واطلاعات: مسٹر سپیکر، عنایت اللہ خان صاحب نے جو کوسچن پوچھا ہے، وہ صرف لائیو سٹاک کے بارے میں نہیں ہے مسٹر سپیکر، وہ اس پورے ڈیپارٹمنٹ کے حوالے سے ہے۔ ہم جو سمجھے ہیں، May be آپ نے صرف لائیو سٹاک کا کیونکہ آپ نے وزیر لائیو سٹاک کا کہا ہے لیکن ہمارے پاس مسٹر سپیکر، دس Functionaries ہیں، ایگریکلچر اور لائیو سٹاک ڈیپارٹمنٹ

کے، وہ دس Functionaries کی ڈیٹیل بتائی گئی ہے، اس میں جو انہوں نے ضلع وائز بات کی ہے، اس میں جو سیکنڈ پیج ہے، اگر عنایت اللہ خان صاحب دیکھنا چاہتے ہیں تو وہ دیکھ لیں کہ ڈی آئی خان، بنوں، کرک اور لکی مروت یہ ایگر یکلچر انجینئرنگ کے حوالے سے کوہاٹ، ہنگو، مانسہرہ، بٹگرام، تورغر، ہری پور، ایبٹ آباد، سوات، بونیر، شانگلہ، چترال، ملاکنڈ، دیر لوئر، دیر اپر، مردان، صوابی، یہ ساری ڈیٹیلز مسٹر سپیکر Provided ہیں، پھر پیج نمبر 3 پہ مسٹر سپیکر، چارسدہ، چترال، ڈی آئی خان، ہر ایک Functionary کے الگ سے اضلاع کی ڈیٹیل مسٹر سپیکر، Provided ہے۔ گنے کی پیداوار کے حوالے سے بھی یہاں پہ کہا گیا کہ، تو یہ مختلف ڈیٹیلز ہیں، اگر ان کو پھر بھی کوئی Concerns ہیں مسٹر سپیکر، اے ڈی پی پراجیکٹس کے حوالے سے بھی ہے کہ اگر ایک اے ڈی پی پراجیکٹ ہے تو اس میں کس ضلع میں کتنے پیسے لگے ہیں؟ وہ بھی مسٹر سپیکر، سوات، ایبٹ آباد، مانسہرہ، بونیر، صوابی، مردان، بنوں، سرائے نورنگ، کرک، ڈیرہ اسماعیل خان، کوہاٹ، تو یہ ساری Even ایک ایک اے ڈی پی سکیم کے حوالے سے بھی ہے۔ اسی طرح جو منصوبے کا نام ہے صوبہ خیبر پختونخوا میں سول وٹرنری ہسپتالوں کی بحالی اور تعمیرات پروگرام، یہ پانچ سو ملین کا ہے مسٹر سپیکر، اس میں سوات 46 ملین، صوابی 38 ملین، ٹانک 38 ملین، یہ مسٹر سپیکر Provided ہے ڈیٹیل، پھر اس طرح کا ایک اور پراجیکٹ ہے، صوبہ خیبر پختونخوا میں سول وٹرنری ہاسپیٹلز کا قیام، 250 ملین کا پراجیکٹ ہے، تو اس میں نوشہرہ، چارسدہ، یہ مسٹر سپیکر، ہے، اگر ان کو Consolidated detail چاہیئے تو وہ بھی Provide ہو سکتی ہے۔ ڈیپارٹمنٹ نے May be وہ صرف لائیو سٹاک کا پوچھنا چاہ رہے تھے، ڈیپارٹمنٹ نے سب جو ان کی Functionaries ہیں ان کی ڈیٹیلز بتائی ہوئی ہیں۔ اسی طرح صوبہ خیبر پختونخوا میں موجودہ نسل کشی کے فارموں کی بہتری کا منصوبہ، وہ 276 ملین کا ہے، اس میں چارسدہ، مانسہرہ اور ڈی آئی خان، یہ اضلاع ہیں۔ اسی طرح ایک اور پراجیکٹ ہے، اس میں پشاور، بنوں، کوہاٹ، یہ سب ڈیویژن کے نام ہیں، تو مسٹر سپیکر، میں سمجھ گیا ان کو کہ Consolidated ایک ڈیٹا ان کو چاہیئے سب پراجیکٹس کا، وہ بھی ان کو Provide ہو سکتا لیکن ڈیپارٹمنٹ نے ہر اے ڈی پی پراجیکٹ وائز ڈیٹیل بتائی ہے کہ کس ضلع میں اس سے کتنے لوگ Beneficiaries ہیں، یا کتنے فنڈز لگے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: عنایت اللہ خان صاحب۔

جناب عنایت اللہ: دیکھیں جناب سپیکر صاحب، جب ہم سوال کرتے ہیں تو وہ کوئی Logical Conclusion تک پہنچانا چاہتے ہیں، سوال ویسے ہی نہیں کیا جاتا ہے، یہ ہماری Democratic Accountability ہے، حکومتی اسمبلی کی طرف سے Oversight ہے، ہم دیکھنا چاہتے ہیں کہ فنڈز کی Distribution کس فارمولے کے تحت ہوتی ہے، کس قاعدے اور قانون کے تحت ہوتی ہے، کیا اس میں انصاف ہوتی ہے یا نہیں ہوتی ہے؟ تو جو میرے سوال کا آخری (ب) جز ہے، میں اس کو پڑھ لیتا ہوں، اگر جواب اثبات میں ہو تو کن کن اضلاع کیلئے فنڈز مختص کیا گیا ہے، تمام اضلاع کی درجہ بندی کی جائے، نیز تمام اضلاع کو جاری فنڈز کی تفصیل سمیت جاری شدہ فنڈز کی بھی درجہ بندی کی جائے، نیز جاری اور مختص شدہ فنڈز کے حلقہ وائز تفصیل فراہم کی جائے؟ مجھے یہ کوئی تفصیل فراہم نہیں کی گئی ہے۔ ظاہر ہے میں اس سے یہ نتیجہ نکالنا چاہتا ہوں کہ مجھے ضلع کا پتہ چلے کہ مجھے Cumulatively ضلع کا پتہ چلے، مجھے حلقے کا پتہ چلے کہ کس کو کتنے فنڈز گئے ہیں؟ میں نے اس کو Simplify کر کے ان کو بتادیا کہ آپ اس سے نتیجہ نکالیں کہ ایک Cumulatively top four ضلعے کونسے ہیں، Bottom four کونسے ہیں؟ ظاہر ہمیں پتہ چل جائیگا کہ آپ نے کس بنیاد پہ فنڈز تقسیم کئے ہیں؟ مجھے جواب نہیں ملا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ آپ کو بھی اندازہ ہوگا جواب آپ کو بھی نہیں ملا ہوگا، اس لئے میری ریکویسٹ یہ ہے کہ اس کی اگر سٹینڈنگ کمیٹی کے اندر Scrutiny ہو جائے تو اس میں کونسی برائی ہوگی کہ فنڈز کیسے تقسیم ہوتے ہیں؟ سٹینڈنگ کمیٹی کی طرف سے کوئی Recommendation آجائے کہ Equitable distribution کا کوئی فارمولا طے کیا جائے تو کوئی برائی نہیں ہوگی۔ آپ نے خوشدل خان صاحب کے سوال کو تو Reject کر دیا لیکن میں آپ سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اس کو کمیٹی میں بھیج دیں، وہاں ہم اس کو Examine کرتے ہیں کہ یہ فنڈز، کیونکہ یہ لائیو سٹاک سیکٹر بڑا Important ہے، میں آپ کو بتاؤں کہ پاکستان کی جی ڈی پی کے اندر ایگریکلچر کی Contribution twenty one percent ہے لیکن آپ حیران ہونگے کہ Within Agriculture لائیو سٹاک کی Contribution more than sixty percent اور Seventy percent ہے، یعنی پاکستان کی جی ڈی پی کے اندر ایگریکلچر میں سب سے بڑا Contributor ہے وہ لائیو سٹاک ہے، یہ چھوٹا سیکٹر نہیں ہے، یہ بہت بڑا سیکٹر ہے، تو اس لئے اس حوالے سے چیزوں کو Scrutinize کرنا اور سٹینڈنگ کمیٹیاں ہیں بھی اس کیلئے، تو میری ریکویسٹ تو یہ ہے کہ میرا جواب نہیں دیا گیا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کامران بنگش صاحب۔

وزیر، اعلیٰ تعلیم واطلاعات: سر۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: عنایت اللہ خان صاحب مطمئن نہیں آپ کے جواب سے۔

وزیر، اعلیٰ تعلیم و اطلاعات: عنایت اللہ خان صاحب Insist کر رہے ہیں، نہیں یقیناً ان کا یہ Prerogative ہے، وہ مطمئن ہوتے ہیں، نہیں ہوتے ہیں، مجھے ٹریژری بنچز کی طرف سے بھی یہ کہا گیا ہے کہ ہم چاہتے ہیں کہ اس کے اوپر ڈیبیٹ ہو، جوانہوں نے بات کی ہے کہ ہمیں پتہ چلے کہ کس ضلع میں کس سیکٹر میں کس Criteria کے تحت؟ تو ہم اس بات پہ ان کی Proposal کو Accept کرتے ہیں کہ یہ کمیٹی میں بے شک چلا جائے، اس کے اوپر بحث ہو جائے، ڈیپارٹمنٹ نے ویسے ٹھیک ٹھاک کام کیا ہوا ہے، اس کو بھی ہمیں Appreciate کرنا چاہیئے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے۔

Mr. Deputy Speaker: Is it the desire of the House that Question No. 13229, asked by the honourable Member, Inayatullah Khan Sahib, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The "Ayes" have it, referred to the concerned Committee. Question No. 13229 is referred to the concerned Committee. Question No. 12991, Ms. Humaira Khatoon Sahiba.

* 12991 _ محترمہ حمیرا خاتون: کیاوزیر ہاؤسنگ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) مالی سال 20-2019ء اور 21-2020ء کے دوران صوبہ میں محکمہ کے تحت رقوم رکھی گئی تھیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

1۔ گزشتہ سالوں کے دوران سالانہ اے ڈی پی میں ٹوٹل کتنی رقم مختص، کتنی خرچ اور کتنی لیپس ہوئی؛

2۔ ان کی ضلع وار مالیت کیا ہے، خرچ شدہ اور واپس شدہ رقم سمیت مکمل تفصیل فراہم کی جائے؛

3۔ گزشتہ سالوں کے دوران محکمہ میں بھرتی ہونے والے افراد کی سکیل اور ضلع وار تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امجد علی (وزیر ہاؤسنگ) جواب (جناب شوکت علی یوسفزئی وزیر محنت وثقافت): جی ہاں۔

گزشتہ تین سالوں کے دوران سالانہ اے ڈی پی کی مکمل تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔
پراونشل ہاؤسنگ اتھارٹی صوبائی سطح پر کام کر رہی ہے نہ کہ ضلعی سطح پر، اس لئے اس کی اے ڈی پی کی تفصیلات ضلع وار نہیں ہیں۔
گزشتہ سالوں کے دوران پراونشل ہاؤسنگ اتھارٹی میں مندرجہ ذیل 28افراد میرٹ اور اہلیت کی بنیاد پر بھرتی کئے گئے ہیں،(تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔

محترمہ حمیرا خاتون: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، میں نے جو سوال پوچھا ہے یہ ہاؤسنگ کے ڈیپارٹمنٹ سے Related ہے، 20-2019ء اور 21-2020ء کا میں نے پوچھا تھا تو اس میں یہ جو اس کا جز نمبر 2 ہے، اس میں تو ضلع وار تفصیلات ان کے پاس نہیں ہیں، البتہ صوبہ وائز تفصیلات فراہم کی گئی ہیں، تو میرے خیال میں جواب بالکل درست ہے تو میں مطمئن ہوں اس سے، شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو جی۔ جی شوکت یوسفزئی صاحب۔

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر، محنت وثقافت): جناب سپیکر، یہ Last three years کی باقاعدہ اس کی پوری ڈیٹیل میرے پاس موجود ہے اور اس میں تقریباً ابھی تک جو ایلوکیشن ہوئی 698 ملین اس کی ایلوکیشن ہوئی ہے اور 671 ملین اس میں ریلیز ہوئے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شوکت یوسفزئی صاحب، وہ مطمئن ہیں آپ کی جواب سے۔

وزیر، محنت وثقافت: چلیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچن نمبر 13187، جناب صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب۔

* 13187 _ صاحبزادہ ثناءاللہ: کیا وزیر آبپاشی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) سال 2013ء سے 2020ء تک صوبے میں کتنے سولر ٹیوب ویلز منظور ہوئے ہیں اور کتنے ٹیوب ویلز سالانہ تبدیل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؛

(ب) ان کی تفصیل حلقہ، تحصیل وائز فراہم کی جائے، نیز ان سکیموں سے کتنے افراد مستفید ہوئے ہیں اور سکیم وائز آبادی کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ) جواب جناب شوکت علی یوسفزئی، وزیر محنت وثقافت نے پڑھا): صوبے میں سال 2013ء سے 2020ء تک 1338 عدد سولر ٹیوب ویلز منظور ہو چکے ہیں اور آئندہ 325 ٹیوب ویلز سالانہ تبدیل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

ان سکیموں کی تفصیل حلقہ وائز درج ذیل ہے:

General Abstract

| Sr. No | Name of Division | Division wise Nos of solar based schemes approved from 2013 to 2020 | WSS to be Solarized in future |
|---|---|---|---|
| 1 | Dir Upper | 03 | 04 |
| 2 | Dir Lower | 25 | 05 |
| 3 | Mardan | 18 | Nil |
| 4 | Swabi | 14 | 11 |
| 5 | Malakand | 20 | 07 |
| 6 | Swat-I | 15 | 02 |
| 7 | Swat-II | 03 | Nil |
| 8 | Bunner | 14 | Nil |
| 9 | Haripur | 03 | Nil |
| 10 | Chitral | 01 | Nil |
| 11 | Abbottabad | 05 | Nil |
| 12 | Bulk Abbottabad | 01 | Nil |
| 13 | Mansehra | 08 | Nil |
| 14 | Batagram | Nil | Nil |
| 15 | Kohistan | Nil | Nil |
| 16 | Kohistan Lower | Nil | Nil |
| 17 | Kolai Palas Kohistan | Nil | Nil |
| 18 | Shangla | 04 | Nil |
| 19 | Tor Ghar | Nil | Nil |
| 20 | Peshawar-I | 35 | 07 |
| 21 | Nowshera | 38 | 04 |
| 22 | Charsadda | 15 | 02 |
| 23 | Kohat | 29 | Under process |
| 24 | Bannu | 64 | Nil |
| 25 | Karar-I | 119 | 32 |
| 26 | Karak-II | 71 | Nil |
| 27 | Lakko Marwat | 40 | 150 |
| 28 | Tank | 41 | WSS Gomal |
| 29 | D.I. Khan | 81 | 12 |
| 30 | Khyber | 284 | Nil |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 31 | Bajaur | 100 | 16 |
| 32 | Mohmand | 66 | Nil |
| 33 | Orakzai | 32 | 08 |
| 34 | Kurrum | 47 | 06 |
| 35 | South Waziristan | 31 | 05 |
| 36 | North Waziristan | 102 | 49 |

صاحبزادہ ثناء اللہ: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، یہ جو جواب مجھے ملا ہے، یہ جو لسٹ ہے اس میں دیر اپر، دیر لوئر، یہ اگر آپ خود دیکھ لیں تو میرے اس سوال کا مطلب یہ ہے کہ پورے دیر بالا میں صرف تین ٹیوب ویلز جو ہیں وہ سولرائزڈ ہو چکے ہیں۔ بعض ضلعوں کو دو سو، ایک سو چالیس، جناب سپیکر صاحب، میرا ضمنی سوال جو ہے وہ یہ ہے کہ 16-2015ء میں مفتی جانان صاحب نے ایک کوسچن پوچھا تھا، جو نان فنکشنل سکیمز تھیں، More than five hundred تھیں، اگر منسٹر صاحب مجھے صرف یہ بتا دیں کہ پانچ سو جو نان فنکشنل تھیں، ابھی تک اس میں کتنی فنکشنل ہو چکی ہیں؟ تو میں اگلا سوال پھر کر لونگا سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سپلیمنٹری، اسی سے Related، جی میاں نثار گل صاحب۔

میاں نثار گل: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر صاحب، یہ جو صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب کا سوال ہے، 2013ء سے 2020ء تک صوبے میں کتنے سولر ٹیوب ویلز منظور ہوئے ہیں اور کتنے ٹیوب ویلز سالانہ تنصیب کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟ جواب جو آیا ہے جناب، انہوں نے دیا ہے صرف دیر بالا کا اور صاحبزادہ ثناء اللہ کا ہے پورے صوبے کا، اگر صوبے کا جواب اس میں آ گیا تو میں اس پہ یہ بات کر سکتا تھا کیونکہ آپ پھر کہیں گے کہ جی اس سوال کے ساتھ Related نہیں ہے لیکن سوال پورے صوبے کے ساتھ Related ہے۔ جناب سپیکر، ہمارے ضلع میں تقریباً ایک سال سے Twenty eight solarization کا ٹینڈر ہوا ہے، دو حلقے ہیں، فنڈز Available ہیں، کنٹریکٹر کام نہیں کر رہا ہے، میں جب بھی ایکسئین کو پوچھتا ہوں، وہ کہتا ہے کہ وہ ساؤتھ وزیرستان میں لگے ہوئے ہیں، نارتھ وزیرستان میں لگے ہوئے ہیں، ان کی جب ٹینڈر لینے کی Responsibility جو ان کو چاہیئے تھا کہ جب فنڈز Available ہوں، ہمارے ایریا پروگرام کا رائیلٹی کا لیکن اس کے باوجود بھی کرک میں پانی کی بہت تکلیف ہے، ایک سال سے ہم انتظار کر رہے ہیں کہ ہمارے ٹیوب ویلز سولرائز ہو جائیں جناب سپیکر، اگر اس میں لسٹ ہوتی تو میں اس پہ بات کر سکتا تھا، میری آپ کی چیئر سے ریکویسٹ ہے کہ ڈیپارٹمنٹ والے

کوئی بیٹھے ہونگے کہ کنٹریکٹر کو بلوائیں اور کرک میں جتنے بھی ٹیوب ویلوں کا ٹینڈر ہوا ہے سولرائزیشن کا، اس پہ کام شروع کریں۔ شکریہ۔

Mr. Deputy Speaker: Concerned Minister, to respond, Shaukat Yousafzai Sahib.

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر، محنت وثقافت): سوال کا پوچھا تو وہ تو جواب آ گیا لیکن اگر یہ سمجھتے ہیں کہ ان کے حلقوں میں پرابلمز ہیں، اس حوالے سے اور یہ کمیٹی کو بھیجنا چاہتے ہیں، تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب۔

صاحبزادہ ثناء اللہ: شکریہ، اگر کمیٹی میں بھیج دیں، جو ناانصافی ہوئی ہے، انصاف کی حکومت میں اس کا پتہ چل جائے گا۔ Thank you, Sir; a lot of thanks.

جناب ڈپٹی سپیکر: میں Put کرتا ہوں۔

Deputy Speaker: Is it the desire of the House that Question No. 13187, asked by honourable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Deputy Speaker: The "Ayes" have it; Question No. 13187 is referred to the concerned Committee. Question No. 13290, Sardar Muhammad Yousaf Sahib.

* 13290 _ سردار محمد یوسف زمان: کیا وزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

ٹی ایم اے پکھل مانسہرہ میں کل کتنے ملازمین کام کر رہے ہیں، ان ملازمین میں ڈیلی ویجز پر کتنے ملازم ہیں، ان کی تفصیل بمعہ نام، عہدہ، سکیل اور ڈیوٹی کی جگہ کے ساتھ فراہم کی جائے، نیز ڈیلی ویجز ملازمین کی تفصیل بھی بمعہ نام، عہدہ، سکیل اور ڈیوٹی کی جگہ فراہم کی جائے؟

جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ) جواب (جناب شوکت علی یوسفزئی، وزیر، محنت وافرادی قوت نے پڑھا): اس ضمن میں ٹی ایم اے بفہ پکھل سے موصول تفصیلات کے مطابق ٹی ایم اے ہذا میں کل 69 ملازمین کام کر رہے ہیں، ان میں دس سینٹری ورکرز ڈیلی ویجز پر کام کر رہے ہیں جس کی منظوری بذریعہ چھٹی نمبر AOIV/LCB/1-86/TMA BAFFA/2021 مورخہ 17-03-2021 ہوئی، جس کی تفصیل جواب کے ساتھ لف (الف) ہے۔ اس کے علاوہ ٹی ایم اے بفہ پکھل میں کل 56 ملازمین مستقل سکیل

پر کام کر رہے ہیں اور تین لیڈی انسٹر کٹر, انڈسٹریل ہوم کام کرتی ہیں۔ جملہ ملازمین کے نام، عہدہ، سکیل اور ڈیوٹی کی جگہ لف (ب) ہے، ڈیلی ویجز ملازمین کی تفصیل بمعہ نام، ڈیوٹی کی لف (ج) ہے۔ ڈیلی ویجز کا کوئی سکیل نہیں ہوتا، ان کو دیہاڑی مسٹر رول پر ادائیگی کی جاتی ہے۔ (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔

سردار محمد یوسف زمان: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، یہ بفہ پکھل جو نئی ایک تحصیل بنی ہے، اس حوالے سے یہ کوسچن تھا کہ جب بفہ ٹاؤن کمیٹی تھی 1876 کی ٹاؤن کمیٹی تھی اور اس وقت اس کی آبادی تقریباً دس بارہ ہزار تھی Hardly، اب یہ تحصیل ہے، پورا بفہ پکھل اور اس میں پندرہ یونین کونسلیں ہیں اور اس کے ساتھ ہی تقریباً52 ویلج کونسلیں ہیں، تین نیبر ہوڈ یونین کونسلیں ہیں اور اس میں جو سٹاف ہے، وہ مانسہرہ سے علیٰحدہ ہوا تھا، تقریباً مانسہرہ تحصیل سے سٹاف بھیجا گیا تھا تحصیل چلانے کیلئے، اس وقت تقریباً چالیس سے زیادہ سٹاف تھا جب یہ ٹاون کمیٹی تھی اور آبادی تقریباً بارہ ہزار، اب پانچ لاکھ سے زیادہ آبادی ہے اور اسی وجہ سے اس کی ڈیمانڈ ہوئی کہ علیٰحدہ تحصیل بنائی جائے، لوگوں کو سہولیات فراہم کی جائیں لیکن ابھی اگر مانسہرہ سے تقریباً23 لوگ جو واپس کئے جائیں گے تو بڑی مشکل سے میرا خیال ہے 37 38 سینٹری ورکرز اور دوسرا اسٹاف، یہ سارے رہتے ہیں جو کہ لوگوں کو جو سہولیات فراہم کرنی تھیں جو اصل مقصد تھا، وہ تو پورا ہی نہیں ہوتا، تو اس پہ میرا کوسچن یہ بنتا ہے کہ اتنی آبادی کے لئے جو پانچ لاکھ سے زیادہ ہے، تو اس میں صرف تحصیل بنانے کا مقصد تو نہیں تھا، برائے نام ہی تحصیل بنا دی، سٹاف بھی دیا جائے، وہاں لوگوں کو سہولیات، میونسپل سہولیات بھی فراہم کی جائیں، بہت ساری جو یونین کونسلیں ہیں دور دراز، جس طرح سرن ویلی، پونچھ ویلی، زیادہ آبادی وہ ہے تو وہاں لوگوں کو تو کوئی خاطر خواہ اس کا فائدہ نہیں ہوا۔ تو میرا کوسچن یہ ہے کہ اس میں کب زیادہ سٹاف دیا جائے گا، فنڈز زیادہ کب دیئے جائیں گے؟ کیونکہ یہ مانسہرہ سے جو ایک حصہ ملا تھا، اسی پر گزر اوقات ہو رہا ہے، مزید فنڈز بھی اس کو نہیں دیئے گئے اس کی ڈیویلپمنٹ کے لئے، اس کی جو ضروریات ہیں، ان کے لئے ناکافی فنڈ ہے۔ تو کیا منسٹر صاحب یہ یقین دہانی کرائیں گے کہ جو ایک ضرورت کے تحت تحصیل بنی تھی، اس کے مطابق انہیں فنڈز فراہم کیے جائیں گے؟ اور اس کے ساتھ ہی جو پچھلے دنوں وزیر اعلیٰ صاحب وہاں گئے تھے، انہوں نے سب ڈویژن کا اعلان کیا ہے، مجھے امید ہے کہ اس پر یہ عمل کرینگے اور اس کے ساتھ جو سٹاف کی ضرورت ہے فوری طور پر اس وقت، وہ سٹاف بھی مزید اس میں اضافہ کیا جائے گا۔

Mr. Deputy Speaker: Concerned Minister, to respond, Shaukat Yousafzai Sahib.

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر، محنت وافرادی قوت): جناب سپیکر، انہوں نے جو کوسچن پوچھا تھا ناں، اس کا جواب Already موجود ہے۔ جو انہوں نے کہا کہ کیا اس میں مزید پیش رفت ہو سکتی ہے، بہتری آسکتی ہے؟ Definitely آئے گی، محکمہ بلدیات بنا ہی اس لئے ہے کہ لوگوں کو سروسز فراہم کرے اور جو ٹی ایم ایز بن رہے ہیں، جو نئے سب ڈویژن بن رہے ہیں، جو تحصیل بن رہی ہیں، ان کا مقصد یہ ہے کہ جتنا ہم چھوٹا کرینگے یونٹ کو اتنا بہتر Perform کرے گا، تو اس میں جو Requirements ہونگی Definitely نئے ٹی ایم ایز یا نئے اس میں بالکل ایک وہ ہو رہا ہے، ان کے فنڈز بھی بڑھائے جا رہے ہیں، ان کے لئے جو سروسز فراہم کرنے کے لئے سٹاف ہے، وہ بھی پورا کیا جائے گا ان شاء اللہ تعالیٰ، اس پہ بالکل کام ہو رہا ہے اور میں مشکور ہوں ان کا، کیونکہ پکھل جو ہے واقعی اس میں ضرورت ہے، وہاں پہ آبادی بھی زیادہ ہے اور جتنے بھی ہمارے اس کے علاوہ میں کہہ رہا ہوں صوبے میں جہاں نئے ٹی ایم ایز بنے ہیں، ان کو Strengthen کرنے کے لئے ایک منصوبہ اور ہے، بالکل ان شاء اللہ Definitely ان کو فنڈز بھی دیئے جائیں گے اور جہاں ان کی کمی ہے لوگوں کی، وہ بھی پوری کی جائے گی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے۔ کوسچن نمبر 13267، جناب سردار خان صاحب۔

* 13267 _ جناب سردار خان: کیا وزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حلقہ PK-03 خوازہ خیلہ ٹی ایم اے میں مقامی عوام کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایمرجنسی بنیادوں پر ٹرانسفارمرز سکیم 18-2017 کے لئے فنڈ مختص ہوا تھا؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ ٹرانسفارمرز کہاں کہاں لگائے گئے ہیں، باقی ماندہ ٹرانسفارمرز کہاں پڑے ہوئے ہیں، نیز یہ ٹرانسفارمرز ٹی ایم اے کے زیر اختیار ہیں یا واپڈا کے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ) جواب (جناب شوکت علی یوسفزئی، وزیر محنت وافرادی قوت نے پڑھا):

(الف) جی ہاں۔

(ب) صوبائی حکومت کی جانب سے حلقہ PK-03 خوازہ خیلہ کے لئے ٹی ایم اے کے زیر نگرانی 13 عدد 11,200 KVA عدد 100 KVA بمعہ 24 عدد سٹینڈز برائے تمام ٹرانسفارمرز تحصیل خوازہ خیلہ چار باغ کے مقام پر ذمہ دار لوگوں نے جگہوں پر نصب کئے ہیں، نیز یہ تمام ٹرانسفارمرز فوکل پرسن مسٹر بہادر علی خان کے زیر اختیار ہیں (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔

جناب سردار خان: جناب سپیکر صاحب، سابقه حکومت کښې سابقه ایم پی اے صاحب د ټرانسفارمرو د پاره چې کوم پیسې جمع کړې وې 100 KV ، 200KV ټرانسفارمر هغې سره ټرالیانې وې او ایمرجنسی طور ټرانسفارمرې وې، هغه ټرانسفارمرې چې کوم پیسکو واپډې والا کوم ټرانسفارمر خراب شوے دے هغه هغه ځائے ته شفټ شوی دی، په هغې زما اعتراض نشته دے ، ایمرجنسی طور باندې دا ټرانسفارمرې وې چې کوم ټرانسفارمر خراب شوے دے هغه هغې ته شفټ شوی دی خو د پیسکو، دواپډې هغه خپلې چې په هغه Stay، هغه اډه ټرانسفارمرز وو چې هغه چرته لاړې؟ سابقه ایم پی اے چې کومه کارکردګی کړې ده، زه د هغې ستائنه کوم خو دا د دې د پاره وی چې کوم ځائے کښې ایمرجنسی د شپې چوبیس ګهنټې کښې ټرانسفارمر اوسوزی، آسمانی بجلی سره نو دا ایمرجنسی ټرانسفارمربه لګی، واپډې پیسکوبه خپل مرمت کوی بیا به راوړی۔ دا د ټی ایم اے په نګرانئ کښې پرتې وے نو هلته ئے د هغه واپډا ایس ډی او آفس کښې یو ټرانسفارمر نشته چې بروقت هغه خلقوته فراهم کړی او هغه اډه باندې کیږدی ددے د لړه انکوائری اوشی د هغې پیسکو واپډې والا چې تاسو کوم د دې Stay اډې نه کوم Ongoing کوم روان ټرانسفارمرز وو سپلائی، هغه تاسو چرته یوړو؟ نودغه ټرانسفارمرې چې کوم د پیسکو دی هغه پکارده چې هغه مرمت شوی وی، هغه خپلې راوړی اډو باندې کیږدی او دا ایمرجنسی ټرانسفارمرې دی هغه چې کوم چا اوړی وی هغه پورې هغه اډه ورسره ده او هغه لنکونه هغه بجلی ئے سپلائی کوی خو واپډې والا پیسکو والا خپل نه راوړی چې په هغه Stay باندې بیا کیږدی دغه کښې غبن شوے دے که په دغه کښې څه پروګرام شوے دے بل زما یو عرض دے چې ورکشاپ د ټرانسفارمر د مرمت دے ، په چکدره کښې یو ورکشاپ دے ، یو په بونیر کښې دے ، یو په مینګوره کښې دے ، د مینګورې هغه ډیر زیات Overload دے ، ډیر زیات بوجھ دے پرې فنډنګ ورته هم نه ملاویږی نو که ستاسو په سفارش باندې پیسکو چیف ته او مرکزی حکومت ته هدایت اوشی چې مونږ ته په خوازه خیله کښې او که په مټه کښې وی که په خوازه خیله کښې وی، یو ورکشاپ کهلاؤ کړی په ګیاره هزار او تیره هزار روپئ لوکل، اپنی مدد آپ ټرانسفارمر راوړی د

بونیر نه یا د چکدرې نه په کرایه په خپل ګاډی کښې نو ډیر زیات په خلقو بوجھ دے د واپډې پیسکو والا له خو بل ورکوی، ریکولر بل ادا کوی خو په ګیاره هزار او زما د خپل کلی په ګیاره هزار د بونیر نه عوامو اپنی مدد آپ راوړے دے نو مونږه بونیر ته به ورپسې ځو که چکدرې ته به ورپسې ځو، هلته دې یو ورکشاپ هم کهلاؤ شی او خپل نظام دلږ چوکس کړی، دا خو یو ډیره درنه محکمه ده نو زه تاسو ته په دې کښې یو سپیشل عرض کوم چې کوم ټرانسفارمرې ختم شوی دی د دغه ځائے نه، هغه دوباره بحال شوی دی، هغه دې راوړی په هغه اډو دې کیږدی او ایمرجنسی د هغه ټی ایم اے سره یا د ایس ډی او پیسکو سره پرتې وی چې ایمرجنسی طور باندې خلقو ته فراهم کړی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں صاحبزادہ ثناءاللہ صاحب، اگر آپ کا یہ کوئسچن، یہ PK-03 کے ساتھ Related ہے، ان کا کوئسچن، انہوں نے Mention کیا ہے۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: سر، میرا مطالبہ ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، مطالبہ نہیں، آپ-----

(مداخلت)

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں نہیں، سپلیمنٹری کوئسچن جو ہے، سپلیمنٹری کوئسچن اگر آپ کا اس کے ساتھ Related ہے-----

(مداخلت)

جناب ڈپٹی سپیکر: Sorry آپ پورے حلقے کی بات کرینگے، وہ اپنے حلقے کی بات کر رہے ہیں، حلقے کی بات نہیں، وہ PK-03 کی بات کر رہے ہیں، اگر آپ نے PK-03 کے حوالے سے بات کرنی ہو تو کریں، PK-03 کے حوالے سے جی، جی PK-03 کے حوالے بات کریں آپ۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: شکریه جناب سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، دا سردار خان صاحب چې کوم کوئسچن کړے دے هم د دې سره Related دے، زمونږ دا ملګری ناست دی د دیر بالا، د دیر پائین، حقیقت دا دے چې دا ایشو د دیر بالا هم ده، دا دیر پائین هم ده-----

جناب ڈپٹی سپیکر: صاحبزادہ ثناءاللہ صاحب، هغه د سوات دے ، تاسو د دیر خبرې شروع کړې پکښې ، Sorry،

Concerned Minister, to respond; concerned Minister to, respond; concerned Minister. Respond.

وزیر، محنت وافرادی قوت: سر ، کوم حده پورې چې د ایم پی اے د فنډ تعلق دے ، تاسو ته هم پته ده ، مونږه هم په خپلو حلقوکښې دافنډ ورکوؤ او هغه باقاعده طور باندې د هغې مانیټرنگ هم کیږی او هغه چې کوم ځائے کښې ضرورت وی هلته لګی۔ اوس چې دا دوئ چې کومه خبره کوی چې کوم ټرانسفارمرې Replace شوی دی هغه چرته ځی؟ نو هغه ډیره Simple خبره ده ، هغه خو د هغه ایس ډی او چې کوم متعلقه ایس ډی او چې هغه ته دوئ تلے وے ، دوئ هغه ته درخواست ورکړے وے چې بهئ ماته اوښایه ، که دوئ نه شی کولے مونږ به ورته اولیږو ځکه چې واپډا خو مونږ سره نه ده خو بهرحال مونږ به دا د هغې حلقې نه ډیټیل پکار دے چې دا کوم Replace شوی دی هغه ټرانسفارمرې چرته دی؟ نو هغه به پیسکو ته لیکل غواړی چې بهئ مونږ ته اوښایئ چې هغه کوم تاسو Replace کړی دی هغه مونږ چرته یوړل؟ خو طریقه کار خو تاسو ته هم معلوم دے ، مونږ ته هم معلوم دے ، د هغې دغه دے چې خپل فنډ مونږ ورکوؤ او مونږه ته چې کوم ټرانسفارمرې ملاؤ شی او کوم ځائے مونږ غواړو هلته ، باقی چې کوم ټرانسفارمر فارغیږی هغه خو واپډا خپل تحویل کښې اخلی ، هغه خو مونږ له نه راکوی۔

جناب ڈپٹی سپیکر:شوکت یوسفزئی صاحب، تاسو چې څنګه خبره اوکړه او سردار خان صاحب چې اوکړه ، دې کښې تاسو د هغوی سره کښینئ ، د هغوی چې کومه خبره ده ، کوم خدشات دی تاسو Concerned کښینئ او پیسکو ته د هغوی خدشات اورسوئ ، دې باندې کار اوکړئ جی۔

وزیر، محنت وافرادی قوت: ٹھیک شوه ، ٹھیک۔

جناب سردار خان: جی د هغه ټی ایم اے چې کوم دے۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: او دا ټی ایم اے والا چې کوم په دې کښې کردار دے ، په هغې باندې تاسو هغوی سره خبرې اوکړئ ټی ایم اے سره۔

وزیر، محنت وافرادی قوت: سر، ټی ایم اے کښې نور Role، تاسو ته پته ده چې کردار پکښې صرف دومره وی د لوکل ګورنمنټ چې تاسو د هغې په ذریعه باندې ټینډر کولے شئ، لکه کله هم چې مونږ خپل فنډ ورکوؤ کنه، مونږه اخلو نو ټینډر چې دے هغه لوکل ګورنمنټ کوی نو لوکل ګورنمنټ سره دا اختیار نه وی، چې کوم ټرانسفارمر Replace کیږی هغه واپډا په خپل تحویل کښې اخلی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شوکت صاحب، د هغوی کوئسچن بل دے۔

وزیر، محنت وافرادی قوت: تاسوما سره کښینئی، بیا به زه دغه شم، دا سې زه نه پوهیږم۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شوکت صاحب، د هغوی چې کوم Concerns دا تاسو ورله دغه کړئ جی۔

Minister for Labour: Okay.

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سراج الدین صاحب، 13070، سراج الدین، .Lapsedکوئسچن نمبر 13539جناب بلاول آفریدی صاحب .Lapsed۔

## غیر نشاندار سوالات اوران کے جوابات

13070 _ جناب سراج الدین: کیاوزیرزراعت ارشادفرمائیں گے کہ:

(الف) صوبہ بھر میں محکمہ کے تحت اقلیتوں، معذوروں اور خواتین کی مخصوص نشستوں پر تعینات ملازمین کی ضلع اور تحصیل وار تفصیل فراہم کی جائے؛

(ب) محکمہ کے تحت اقلیتوں، معذوروں اور خواتین کی مخصوص نشستوں پر تعینات کنٹریکٹ ملازمین کی ضلع واراور سکیل وائز تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محب اللہ خان(وزیر،زراعت ولایئوسٹاک): صوبہ بھر میں محکمہ کے تحت اقلیتوں، معذوروں اور خواتین کی نشستوں پہ تعینات ملازمین کی ضلع اور سکیل وار تفصیل یہ ہے:

| نمبر شمار | ضلع | سکیل | کوٹہ | تعداد |
|---|---|---|---|---|
| الف | سوات | 07 | خواتین | 01 |
| ب | پشاور | 11 | معذور | 01 |
| ج | خیبر | 11 | معذور | 01 |
| د | مانسہرہ | 03 | معذور | 01 |

محکمہ کے تحت اقلیتوں، معذوروں اور خواتین کی مخصوص نشستوں پر کنٹریکٹ کی بنیاد پر کسی قسم کی تعیناتی نہیں کی گئی ہے۔

13539 ۔ جناب بلاول آفریدی: کیا وزیر زراعت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ حیوانات نے سال 2020ء میں قبائلی اضلاع کے عوام میں بکریاں اور مرغیاں تقسیم کی تھیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ حکومت نے جو بکریاں اور مرغیاں تقسیم کیں، ان میں زیادہ لاغر تھے اور تقسیم کے فوراً بعد مر گئیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو؛

1۔ عوام کو جو دھوکہ اور بیمار جانور دیئے ہیں حکومت نے، اس بارے میں اب تک کیا اقدامات اٹھائے ہیں؛

2۔ کیا حکومت کا مذکورہ اضلاع کے عوام کو دوبارہ بکریاں اور مرغیاں تقسیم کرنے کا ارادہ ہے؟

جناب محب اللہ خان (وزیر، زراعت و لائیو سٹاک): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی نہیں، محکمہ لائیو سٹاک نے مذکورہ منصوبے کے تحت ہمیشہ اچھے اور صحت مند جانوروں کا انتخاب کیا ہے۔ اس مقصد کے لئے بکریوں کی تقسیم سے پہلے پندرہ دن تک تمام جانوروں کو قرنطینہ میں رکھا جاتا ہے تاکہ کسی بھی وبائی مرض کی صورت میں بیماری کا پتہ لگایا جاسکے۔ قرنطینہ کے دوران جانوروں کو ضروری ٹیکہ جات بھی لگائے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ جانوروں کی تقسیم محکمہ کے ماہر ڈاکٹر حضرات کی ٹیم اور عوامی نمائندوں کی موجودگی میں کی جاتی ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ کوئی لاغر یا بیمار تقسیم سے روکا جاسکے۔ اس طرح تمام تر احتیاطی تدابیر مرغیوں کی تقسیم کیلئے بھی اٹھائے جاتے ہیں، لہذا بیمار اور لاغر بکریوں اور مرغیوں کی تقسیم کا جواز ہی پیدا نہیں ہوتا۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ تقسیم کے بعد جانور کی مناسب دیکھ بھال نہ ہونے کی وجہ سے جانور کا کمزور یا بیمار ہو جانا خارج از امکان نہیں، لیکن اس کیلئے محکمہ کو مورد الزام ٹھہرانا درست نہیں۔ مزید برآں ان جانوروں کی تقسیم عوامی نمائندگان کی موجودگی میں ہوئی ہے جو کہ اس بات کی دلیل ہے کہ تمام جانور صحت مند تھے۔ بصورت دیگر موقع پر ہی بیمار و لاغر جانوروں کا پتہ چل جاتا اور عوامی نمائندوں کے نوٹس میں لایا جاتا۔

(الف) کا جواب مثبت میں اور (ب) کا نفی میں ہے۔

عوام میں صحت مند اور بیماریوں سے پاک جانوروں کو تقسیم کیا گیا ہے، جیسا اوپر ذکر کیا جا چکا ہے۔

جو افراد ایک بار مندرجہ بالا پیکیج سے مستفید ہوئے ہیں، اس کے علاوہ دوسرے مستحق افراد میں تقسیم کئے جائیں گے جو کہ مطلوبہ منصوبوں کی منظوری اور فنڈز کی موجودگی سے مشروط ہے۔

## اراکین کی رخصت

جناب ڈپٹی سپیکر: Item No. 2, Leave Applications : جناب شکیل احمد خان صاحب، منسٹر، 12 نومبر، جناب محمد اقبال وزیر صاحب، منسٹر، 12 نومبر، جناب محب اللہ خان صاحب، منسٹر، 12 نومبر، جناب ظہور شاکر صاحب، معاون خصوصی، 12 نومبر، جناب امجد علی خان صاحب، منسٹر، 12 نومبر، جناب عبدالکریم خان صاحب، معاون خصوصی، 12 نومبر، جناب فضل شکور صاحب، منسٹر، 12 نومبر، محترمہ آسیہ صالح خٹک صاحبہ، ایم پی اے 12 نومبر، جناب افتخار مشوانی صاحب، ایم پی اے، 12 نومبر، جناب آغاز اکرام گنڈاپور صاحب، ایم پی اے، 12 نومبر، محترمہ ملیحہ اصغر صاحبہ، ایم پی اے، 12 نومبر، جناب فیصل امین صاحب، منسٹر، 12 نومبر، نوابزادہ فرید صالح الدین صاحب، ایم پی اے، 12 نومبر، جناب عاقب اللہ صاحب، ایم پی اے، 12 نومبر، سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب، ایم پی اے، 12 نومبر، جناب تاج محمد ترند صاحب، معاون خصوصی، 12 نومبر، جناب انور زیب خان صاحب، منسٹر، 12 نومبر، مفتی عبید الرحمن صاحب، ایم پی اے، 12 نومبر، جناب اختیار ولی خان صاحب، ایم پی اے، 12 نومبر۔

Deputy Speaker: Is it the desire of the House that the leave may be granted.

(The motion was carried)

Deputy Speaker: The leave is granted. Item No. 6: Mr. Mir Kalam Khan, MPA and Ms. Nighat Yasmeen Orakzai, MPA, to please move their identical adjournment motion No. 367 and 372, one by one. Mir Kalam Sahib.

## تحاریک التواء

جناب میر کلام خان: تھینک یو، جناب سپیکر۔ میں صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کے قواعد و انضباط مجریہ 1988 کے قاعدہ 69 کے تحت اس معزز ایوان میں ایک انتہائی اہم مسئلے سے متعلق تحریک التواء پیش کرتا ہوں۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے سیفران کے اجلاس میں انکشاف ہوا ہے کہ مالیاتی سال 19-2018 مالیاتی سال 20-2019 اور مالیاتی سال 21-2020 میں قبائلی اضلاع کے بجٹ میں 43 ارب، Forty three ارب روپے کا ریکارڈ غائب ہے، قبائلی اضلاع کو شروع دن سے لوٹا اور کھایا جا رہا ہے، قبائلی اضلاع

کواس لئے ضم کیا گیا تھا کہ ان کا حق اتنی بے دردی سے کھایا جائے گا، جن لوگوں کو فاٹا انضمام پر اعتراض تھا وہ اسی وجہ سے تھا، لہذا اس معزز ایوان میں ضابطے کی کارروائی روک کر ہماری اس تحریک التواء کو بحث کے لئے منظور کیا جائے۔ تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ نگہت اورکزئی صاحبہ۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ میں صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کے قواعد وانضباط مجریہ 1988 کے قاعدہ 69 کے تحت اس معزز ایوان میں ایک انتہائی اہم مسئلے سے متعلق تحریک التواء پیش کرتی ہوں اور وہ یہ کہ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے سیفران کے اجلاس میں انکشاف ہوا ہے کہ مالیاتی سال 19-2018 مالیاتی سال 20-2019 اور مالیاتی سال 21-2020 قبائلی اضلاع کے بجٹ میں 43 ارب روپے کا ریکارڈ غائب ہے۔ قبائلی اضلاع کو شروع دن سے لوٹا اور کھایا جارہا ہے، قبائلی اضلاع کو اس لئے ضم کیا گیا تھا کہ ان کا حق اتنی بے دردی سے کھایا جائے، لہذا اس معزز ایوان میں ضابطے کی کارروائی روک ہماری اس تحریک التواء کو بحث کے لئے منظور کیا جائے۔ تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔

Mr. Deputy Speaker: Is it the desire of the House that adjournment motion, moved by the honourable Members, may be adopted for detailed discussion in the House, under rule 73 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules 1988? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The "Ayes" have it. Item No. 7: 'Call Attention Notices': Ms. Humaira Khatoon, MPA, to please move her call attention notice No. 2039.

## توجہ دلاؤ نوٹس ہا

محترمہ حمیرا خاتون: شکریہ جناب سپیکر صاحب، میں وزیر برائے محکمہ داخلہ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں، وہ یہ کہ صوبہ بھر میں سرکاری و نجی تعلیمی اداروں میں ٹرانسپورٹ کی سہولت فراہم کرنے والی گاڑیوں میں بعض اوباش قسم کے ڈرائیورز ٹیپ ریکارڈر اور ہائی سپیڈ سپیکرز کے ذریعے میوزک لگا کر سنتے ہیں جس کی وجہ سے طالبات کو شدید ذہنی تناؤ کا سامنا کرنا پڑتا ہے، لہذا حکومت فوری طور پر صوبہ بھر میں طالبات کو ٹرانسپورٹ کی سہولت فراہم کرنے والی گاڑیوں سے ٹیپ ریکارڈر اور دیگر میوزک کے آلات فی الفور ہٹانے کے عملی اقدامات کرے۔ اس کے ساتھ تھوڑی سی یہ بھی بات

Add کرتی چلوں سپیکر صاحب کہ جو پرائیویٹ گاڑیاں ہوتی ہیں ان میں بچوں کو Over loaded کیا جاتا ہے جس کی وجہ سے بچے جو ہیں وہ اکثر آپ دیکھتے ہونگے کہ گاڑیوں سے باہر لٹک لٹک کر اس کے ساتھ کھڑے ہوتے ہیں، اس کے لئے باقاعدہ کوئی میکنزم تیار ہونا چاہیئے اور کوئی قواعد و ضوابط بننے چاہئیں کہ پرائیویٹ جو سکول کی ڈیوٹی کرنے والی گاڑیاں ہیں ان کے لئے کوئی Criteria مقرر کیا جائے۔ شکریہ۔

Mr. Deputy Speaker: Concerned Minister, Shaukat Yousafzai.

وزیر، محنت وافرادی قوت: جناب سپیکر، میں بالکل ان کے ساتھ اتفاق کرتا ہوں اور ہم بھی دیکھتے رہتے ہیں کہ جو Specially پرائیویٹ سکول ہیں، وہ کچھ مخصوص علاقے ہوتے ہیں جہاں پہ گاڑیاں نہیں ہوتی ہیں، تو چونکہ مجبوریاں بھی ہوتی ہیں اور دوسری گاڑیاں Available نہیں ہوتیں تو وہ ایک ہی گاڑی وہاں سے بچوں کو اٹھا کر لے جاتی ہے، Specially جب گرمیاں ہوتی ہیں، سردیاں ہوتی ہیں، تو اس میں کافی مشکلات ہوتی ہیں، ٹھیک ہے اگر کوئی اس کے لئے کوئی قانون سازی ہو، وہ کرانا چاہتے ہیں تو اس کے لئے بھی ہم تیار ہیں، اگر یہ کہتے ہیں کہ ہم انتظامیہ کو اس پہ Implement کرانے کے لئے ہدایت جاری کر دیں، وہ بھی میں کر دوں گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، انہوں نے دوسری میوزک والی جو بات کی ہے، Important وہی ہے۔

وزیر، محنت وافرادی قوت: دیکھیں جہاں تک ٹیپ ریکارڈر ہٹانے کا تعلق ہے تو یہ ہر ایک کا اپنا وہ ہے لیکن یہ ہو سکتا ہے کہ During duty کوئی ٹیپ ریکارڈر نہیں ہو گا اور اس پہ سختی سے عمل درآمد کیا جائے گا، یہ Possible ہے لیکن ہر ایک سے آپ کہیں کہ جی، کیونکہ وہ تو گھنٹے دو کے لئے انہوں نے بچوں کو لے جانا ہوتا ہے، اس کے بعد ان کی پرائیویٹ گاڑیاں ہوتی ہیں، تو اگر یہ ہو جائے کہ During duty جو ہے وہ کوئی کسی قسم کا میوزک جو ہے، وہ لگانے پہ پابندی ہو گی، تو یہ بھی ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کر دی جائے گی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے شوکت صاحب، جس طرح آپ نے کہا کہ ٹیپ ریکارڈر ہٹانا ایک الگ بات ہے لیکن اس پہ ان کو پابند کیا جا سکتا ہے آپ میوزک نہ چلائیں، اس لئے کہ اگر کوئی ٹیپ ریکارڈ ہے، اس پہ تو قرآن کی تلاوت بھی سنی جا سکتی ہے، احادیث بھی سنی جا سکتی ہیں لیکن اس چیز کی پابندی ہونی چاہیئے کہ اس میں گانے نہ ہوں اس ٹائم پہ، تو اس پہ آپ انسٹرکشنز دیں ٹریفک ڈیپارٹمنٹ کو، ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ کو کہ اس کی Implementation پہ کام کریں جی۔

وزیر، محنت وافرادی قوت: سر جی، آپ کی وساطت سے ان شاءاللہ جو ایڈمنسٹریشن یہاں پہ بیٹھی ہوئی ہے، ان کو ہدایت دی جاتی ہے کہ اس طرح کی جتنی بھی گاڑیاں جو بچوں کو لے جاتی ہیں اور لاتی ہیں،

ان گاڑیوں میں کسی قسم کا میوزک Allow نہیں کیا جائے گا، چونکہ اس کے لئے میرے خیال سے کوئی قانون سازی بھی کرنا پڑے گی، چونکہ اس میں جو جرمانے اور جو چیزیں ہوتی ہیں، اس سے Related ہوتی ہیں لیکن فی الحال یہ ہو گا کہ اس پہ ہم پابندی کر دیں گے۔

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> Thank you. Ms. Nighat Yasmeen Orakzai, MPA and Ms. Naeema Kishwar Khan, MPA, to please move their joint call attention notice No. 2155.

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> تھینک یو، مسٹر سپیکر، توجہ دلاؤ نوٹس 2155: ہم وزیر برائے محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم کی توجہ ایک اہم مسئلے کی جانب مبذول کرانا چاہتے ہیں، وہ یہ کہ محکمہ تعلیم میں تمام اہلکاروں کے تبادلے E-System کے ذریعے کرنا نہ صرف قابل تعریف ہے بلکہ اس سے محکمہ کے اہلکاروں خصوصاً اساتذہ مردانہ وزنانہ کے تبادلوں میں بھی درپیش مسائل احسن طریقے سے حل ہوتے جائیں گے اور جزوی طور پر تبادلوں پر جو پابندی لگائی گئی ہے، حکومت سے درخواست ہے کہ Mutual Transfer, Fictionalization of new schools, single school teacher اور Administrative ground پر اساتذہ مردانہ وزنانہ کے تبادلوں پر پابندی کے اطلاق سے مستثنیٰ قرار دے کر اس کو ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس مردانہ وزنانہ کے دائرہ اختیار میں رکھا جائے تاکہ زیادہ تر مسائل عوامی مفاد میں حل ہو جائیں۔ تھینک یو، جناب سپیکر۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جی نعیمہ کشور صاحبہ۔

<u>محترمہ نعیمہ کشور خان:</u> شکریہ جناب سپیکر صاحب، میں اس کو دہراؤں گی نہیں، نگہت صاحبہ نے پیش کر دیا ہے میرا جو پوائنٹ ہے، میں اپنے پوائنٹ کو Raise کرونگی جو کہ میرا Context بھی اس کا الگ رہے گا، اگر منسٹر صاحب توجہ دیں تو، پلیز۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> شہرام ترکئی صاحب، آپ سنیں جی، آپ سنیں۔

<u>محترمہ نعیمہ کشور خان:</u> اچھا میرا پہلا پوائنٹ، یہ اچھا ہے کہ E-Transfer ہے، اس میں پہلی یہ جو E-Transfer پالیسی بنی تھی 11 ستمبر 2019 کو جو اس کے سیریل نمبر 2 پہ تھا کہ اس کے تحت Mutual پہ پابندی نہیں ہو گی لیکن جب سیکرٹری صاحب نے لیٹر کیا، وہ لیٹر بھی میرے پاس ہے، 23 ستمبر 2020-21 کو اس کے نوٹیفکیشن کے سیریل نمبر 3 پہ ہے کہ Mutual پہ پابندی ہو گی، تو آیا جو آپ کی پالیسی ہے وہ Follow ہو گی یا جو سیکرٹری صاحب کا نوٹیفکیشن ہے وہ Follow ہو گا؟ پھر یہ سال میں ایک بار ہوتی

ہے، پھر جو اضلاع کے درمیان جو ٹرانسفر ہوگی اس کا کیا ہوگا؟ دوسرا کوئسچن۔ تیسرا میرا یہ ہے کہ اس میں جو استثنیٰ حاصل تھا، اچھا اس میں ایک جو بڑی اہم چیز ہے کہ جو اضلاع سے یا ڈویژن سے جو ٹرانسفر ہوتی ہے تو جو اس کا پچھلا Tenure ہے اس کو نہیں Consider کیا جاتا ہے، تو یہ ایک اس کے ساتھ زیادتی ہے، اس کو ختم کیا جائے کہ جو ان کی جو کارکردگی ہے یا جو وہ Tenure ہے وہ پھر اس کا وہ Consider نہیں کیا جاتا اور Manual کو انہوں نے بالکل ختم کیا ہے، تو جو اضلاع کے درمیان جو وہ ہے تو وہ اس میں سے ختم ہو جاتی ہے، تو یہ ایک زیادتی ہے۔ تو یہ چند پوائنٹس ہیں، باقی اچھی چیز ہے لیکن یہ جو خامیاں ہیں، ان کو ختم ہونا چاہیئے اس میں سے، تاکہ جو ٹیچرز ہیں، ان کو آسانی مل سکے گی۔ تھینک یو جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شہرام ترکئی صاحب۔

جناب شہرام خان (وزیر، ابتدائی وثانوی تعلیم): شکریہ، جناب سپیکر۔ بالکل، شکریہ دونوں ایم پی ایز صاحبان کا اور E-Transfer کا مقصد یہ تھا جناب سپیکر، کہ آسانی پیدا کی جائے Obviously, on ground جب آپ Implementation کرتے ہیں، ایک نئی چیز ہے تو اس میں ایشوز آتے ہیں، ہم نے Mutual میں اس سے سائیڈ کیا ہوا ہے لیکن ہم نے اس میں کمیٹی بنائی ہے، سپیشل سیکرٹری کے Under اس میں تین چار بندے ہیں، وہ ڈیٹیل دی ہوئی ہے، وہ ہم نے اس میں کمیٹی بنائی ہے کہ اگر وہ Mutual ہے ان کا، یا اگر کوئی نئے سکول Develop ہوئے ہیں اور اس میں ٹرانسفر کی ضرورت ہے تو وہ بھی اس کمیٹی کے Through ہو کر جائیں، اس کے کرنے کی وجہ یہ ہے تاکہ ایک Transparent اور ایک میرٹ کا نظام پوسٹنگ اور ٹرانسفر میں لایا جائے، اکثر لوگوں کی ضرورت ہوتی ہے لیکن ان کو ٹرانسفر نہیں کیا جاتا، جن کی Approach ہوتی ہے یا جو کسی اور وجہ سے ان کو کر دیا جاتا ہے، تو میری کوشش ہے کہ آسانی پیدا کی جائے، Online کیا جائے اور بہتر کیا جائے۔ جہاں تک ایم پی اے صاحبہ نے بات کی Inter districts transfers کو بھی E-System پہ لے جا رہے ہیں، میں نے Already instructions دی ہوئی ہیں اس کے Backend کہ وہ پورا پروسیجر کر رہے ہیں اور جس طرح کا کیونکہ سارا دن ٹیچر خواتین Specifically میں نے Mainly جو میں نے چارج سنبھالا اور میں نے دو تین مہینے Observed کیا تو خواتین کو بہت جھنجھٹ سے گزرنا پڑتا ہے، مرد حضرات کو بھی اور خواتین کو خصوصاً تو میں نے Realize کیا کہ ان کو ایک پلیٹ فارم دیا جائے ٹرانسفر کے لئے تاکہ یہ دفتروں کے چکر نہ لگائیں، تو اس کے لئے بڑی آسانیاں پیدا کی گئی ہیں۔ Obviously جس کا کام ہو جاتا ہے وہ

Appreciate کرتا ہے لیکن جس کا نہیں ہوتا، وہ پھر دوسرے Avenues تلاش کرتا ہے، تو ہم نے جب سے Implement کیا ہے، میں نے اپنے حلقے میں بھی ایسی کوئی ٹرانسفر جو ہے، جو E-Transfer پہ ہوتی ہیں وہ ہم نہیں کرتے تو بندہ شروع اپنے آپ سے کرتا ہے، باقی میرے Colleagues ہیں، مجھے آج بھی دو تین ایم پی ایز صاحبان نے ریکویسٹ کی ہے لیکن جو پالیسی میں ہے، بہر حال To conclude اس میں دو تین چیزیں ہیں جو ہم دیکھ رہے ہیں، جس طرح ایم پی اے صاحبہ نے بات کی ہے اس کو ہم دیکھ رہے ہیں کہ اس کو کیسے Adjust کیا جائے؟ سال میں ایک دفعہ آیا ہے، میری سوچ ہے، ابھی ہم ڈسکشن پہ ہیں کہ شاید اس کو، اور عنایت خان صاحب نے پہلے بھی کہا تھا، اس پہ دو تین اور ہمارے ایم پی ایز نے کیا کہ اس کو سال میں دو تین دفعہ کر دیا جائے، تو ہم اس Option کو بھی دیکھ رہے ہیں، مقصد Ultimately یہ ہے کہ زیادہ پوسٹنگ ٹرانسفر سے Actually جو متاثر ہوتا ہے وہ بچے On ground متاثر ہوتے ہیں، آدھا کورس ایک ٹیچر پڑھا رہا ہوتا ہے، وہ بیچ میں چلا جاتا ہے، دوسرا ٹیچر آ جاتا ہے، اس کی پڑھائی کا طریقہ کار الگ ہوتا ہے، آپ ایک طریقے سے پڑھاتے ہیں، میں دوسرے طریقے سے پڑھاتا ہوں، آپ ایک طریقے سے پیپر چیک کرتے ہیں، میں دوسرے طریقے سے پیپر چیک کرتا ہوں، مقصد کہنے کا یہ ہے کہ بچے کے لئے سالہا سال ایک ٹیچر ہو جو پورا سال اس کو پڑھائے، اس کو سکھائے اور پھر اس سے وہی Exam لے جو اس نے پڑھایا ہو۔ اب پڑھاتا ایک ہے Exam، دوسرا لیتا ہے، بچہ Confusion کا شکار ہوتا ہے، تو ہمیں ہر چیز کو دیکھنا پڑتا ہے اس Angle سے، یہ میں نے ایک سال میں ایک دفعہ اس لئے کہا تھا کہ بچہ متاثر نہ ہو, بہر حال ہم اس Option کو دیکھ رہے ہیں کہ کس طریقے سے اس کو اور Strengthen کر سکتے ہیں اور Transparent کر سکتے ہیں اور Easy کر سکتے ہیں ٹیچرز کے لئے تاکہ وہ دفتروں کے چکر یا حجروں کے چکر ان ایم پی ایز صاحبان، ایم این ایز کے یا سپیکر، جس کے بھی ہیں، منسٹرز کے، ان کے نہ لگانا پڑے اور گھر میں بیٹھے ہوئے ٹرانسفر کر سکیں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: منسٹر صاحب، اس میں جو Main points ہیں، دو چیزیں، جو سنگل ٹیچر کا ایشو ہے اور ایک Mutual کا، یہ تو مطلب ہے اگر آپ کمیٹی کو کریں گے، مطلب سیکرٹری صاحب کی کمیٹی، اس کا تو اختیار آپ ای ڈی او کو دے سکتے ہیں کہ Mutual کا اور سنگل ٹیچر کا، اس لئے اگر سنگل ٹیچر جو ہے وہ بھی سمری جائے گی سیکرٹری صاحب کے پاس تو یہ کافی Burden بن جائے گا، تو اس کے لئے آپ واضح احکامات دے دیں تو بہتر ہو گا جی۔

وزیر، ابتدائی وثانوی تعلیم: بالکل ٹھیک ہے جی، ہم دیکھ لیتے ہیں اس کو، جس طرح آپ نے کہا اور ایسی بہت ساری چیزیں ہیں جن کو ہم Analyse کرتے ہیں، دیکھتے ہیں، ہم آسانی پیدا کرینگے، کام زیادہ نہیں کرینگے لیکن Channelized طریقہ کار کے تحت چلیں گے تاکہ سسٹم جو پالیسی ہے اس کے تحت چلتا رہے، ایسا نہ ہو کہ ہم ایک پالیسی بنائیں، گراؤنڈ پہ کوئی اور چیز ہو رہی ہو، بہر حال آپ کا Point noted ہے، میں بات کر لیتا ہوں، ان شاء اللہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو جی، آپ کا پوائنٹ آگیا، کال اٹینشن نوٹس پر آپ کا پوائنٹ آگیا ہے، تھینک یو۔

## مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا وقف جائیدادیں مجریہ 2021ء کا ایوان میں پیش کیا جانا

Mr. Deputy Speaker: Item No. 8: Mr. Shaukat Yousafzai, to please introduce, on behalf of the honourable Chief Minister, the Khyber Pakhtunkhwa, Waqf Properties (Amendment) Bill, 2021, in the House.

Mr. Shaukat Ali Yousafzai (Minister for Labour): Mr. Speaker, on behalf of honourable Chief Minister, I introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Waqf Properties (Amendment) Bill, 2021, in the House.

Mr. Deputy Speaker: It stands introduced.

## مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا نشہ آور مواد پر کنٹرول مجریہ 2021 کا پیش کیا جانا

Mr. Deputy Speaker: Item No. 9: Mr. Shaukat Yousafzai, to please introduce, on behalf of the honourable Chief Minister, the Khyber Pakhtunkhwa, Control on Narcotics Substances (Amendment) Bill, 2021, in the House.

Mr. Shaukat Ali Yousafzai (Minister for Labour): On behalf of honourable Chief Minister, I introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Control on Narcotics Substances (Amendment) Bill, 2021, in the House.

Mr. Deputy Speaker: It stands introduced.

## مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا صوبہ کے زیر انتظام قبائلی علاقہ جات کی لیوی فورس مجریہ 2021 کا زیر غور لایا جانا

Mr. Deputy Speaker: Item No. 10 & 11: Minister for Parliamentary Affairs, on behalf of the honourable Chief Minister, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa, Provincially Administrated Tribal Areas Levy Force (Amendment) Bill, 2021 may be taken into consideration at once.

Mr. Shaukat Ali Yousafzai (Minister for Labour & Parliamentary Affairs): I, on behalf of the honourable Chief Minister, intend to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Provincially Administered Tribal Areas Levy Force (Amendment) Bill, 2021 may be taken into consideration at once.

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa Provincially Administered Tribal Areas Levy Force (Amendment) Bill, 2021 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The "Ayes" have it. 'Consideration Stage': Clause 1 of the Bill: Since, no amendment has been proposed by any honourable Member in clause 1 of the Bill, therefore, the question before the House is that clause 1 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The "Ayes" have it; clause 1 stands part of the Bill. Amendment in Clause 2 of the Bill: Malik Badshah Saleh, MPA and Mr. Inayatullah Khan, MPA, to please move their joint amendment in clause 2 of the Bill

Mr. Inayatullah: I beg to move that in clause 2, in the proposed section-11 for "full stop" occurring after the word 'Force', the 'colon' may be substituted and thereafter the following new proviso may be added, namely;

"Provided that the age of superannuation of all officers, members and personnel of the Force regulated under this Regulation shall be sixty (60) years."

جناب سپیکر صاحب! میں تھوڑا Explain کرتا ہوں، یہ Levy rules کے اندر امنڈ منٹس ہوئی تھیں اور 2014 کے اندر Levy rules کے اندر امنڈ منٹس ہو کر ان کی جو Retirement age ہے اس کو Sixty کر دیا گیا، اس کے بعد All of a sudden levy rules کے اندر امنڈ منٹ کر کے ان کو Early retired کر لیا گیا اور اس میں ایسے بھی بچوں کو ریٹائرڈ کیا گیا جن کی ستائیس اور اکتیس سال پوری عمر تھی اور سات سات سال سروس پہ، دس دس سال سروس پہ ان کو ریٹائرڈ کیا گیا، یہ مسئلہ Inadvertently اور مسئلے کو پوری طرح Comprehend نہ کرنے کی وجہ سے ہوم ڈیپارٹمنٹ سے Mishandle ہوا اور پھر اس پہ وزیر اعلیٰ صاحب کے پاس بھی لوگ چلے گئے، ہمارے پاس بھی آئے اس اسمبلی کے اندر ایک کال اٹنشن نوٹس پہ میں نے بات کی، ایک ریزولیوشن میں نے ڈرافٹ کی اور صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب نے وہ ریزولیوشن پیش کی اور وہ Resolution unanimously approve ہو گئی۔ اس ریزولیوشن کے اندر ہم نے ریکویسٹ کی تھی کہ آپ لیوی کے وہ جو پرانے 2014 والے Rules ہیں ان کو بحال کریں اور ان کی جو Retirement age ہے وہ Sixty کر دیں جبکہ حکومت نے جا کر اس میں Rules کو Review تو کر دیا اور جو لوگ Early غلط طریقے سے ریٹائرڈ ہوئے تھے، ان کے لئے یہ موجودہ ایکٹ لے آئے ہیں لیکن ساٹھ سال تک ان کو نہیں پہنچایا اور اس کے نتیجے میں یہ بل پاس ہو جاتا ہے تو اس کے نتیجے میں ایک اور گروپ ہے، پھر وہ ریٹائرڈ ہونگے اس لئے ہم سمجھتے ہیں کہ سب کا مسئلہ حل کر دیں، Sixty years تک ان کی Age کر دیں اور اس سے مسئلہ حل ہو جائے گا، سب کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی شوکت یوسفزئی صاحب۔

<u>جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر، محنت وافرادی قوت)</u>: جناب سپیکر، یہ جو امنڈ منٹ انہوں نے پیش کی ہے، اس کے اوپر کافی بحث بھی ہوئی ہے اور جو لیوی کے اپنے لوگ ہیں ان سے مشاورت بھی کی گئی، تو چونکہ کانسٹیبل کے لئے تو وہی Sixty years ہیں لیکن اس سے اوپر جو ہیں، صوبیدار میجر، میجر، اب ایشو یہ آ رہا ہے کہ سب کا Tenure ایک ہی ہے، اگر سارے ایک ہی سال میں بھرتی ہوئے ہیں اور ہم کہیں کہ جی صوبیدار میجر Sixty years پہ کریں تو اس کا مطلب ہے جو سپاہی بھرتی ہوا ہو، وہ سپاہی ہی ریٹائر ہو گا، سارے ایک ساتھ ہی ریٹائر ہونگے، تو یہ ایشو اس لئے تھوڑا سا Complicated لگ رہا ہے لیکن اس کو بہتر بنانے کے لئے کہ جو لوگ آگے Serve کرتے ہیں ان کے لئے Rank wise tenure

مقرر کیا گیا ہے کہ تین سال ایک صوبیدار میجر ہو گا، اس کے بعد وہ ہٹے گا دوسرا آئے گا، تو سب کے لئے ایک چانس بنے گا۔ تو یہ اس پہ کافی غور و خوض ہوا ہے، اگر ہم سب کے لئے Sixty بنالیں تو جو سارے ایک ساتھ بھرتی ہوں تو سارے Sixty پہ ریٹائرڈ ہو نگے، جو صوبیدار میجر ہے، وہ صوبیدار میجر ہی رہے گا، جو میجر ہے، وہ میجر رہے گا، باقی جو سپاہی ہے، وہ سپاہی رہے گا، تو اس پہ کافی بحث ہوئی ہے، میں ریکویسٹ کرونگا کہ اگر آپ سب کے لئے Sixty کریں گے تو یہ بہت مشکل ہو جائے، جو قابل لوگ ہیں یا Serve کرنا چاہتے ہیں تو وہ بیچارے سپاہی سے آگے نہیں بڑھ سکیں گے، تو ان کی مشاورت سے یہ ہوا ہے کہ جو سپاہی ہے اس کے لئے Sixty years اس کے لئے رکھی گئی ہے لیکن جو اوپر کے جو Ranks ہیں ان کے لئے Tenure جو ہے وہ Rank wise tenure مقرر کیا گیا، تو یہ میری گزارش ہو گی کہ اس کو نہ چھیڑیں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: یہ کہہ رہے ہیں کہ سپاہی کے لئے Sixty رکھی گئی ہے۔

<u>وزیر، محنت وافرادی قوت</u>: Yes یہ Sixty ہے، Yes yes، ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: ایک منٹ جی، عنایت اللہ خان صاحب۔

<u>جناب عنایت اللہ</u>: دیکھیں، سپاہی کے لئے پینتالیس سال سروس رکھی گئی ہے، ٹھیک ہے Minimum پینتالیس سال ہے، پھر ایک ایک Rank پہ ان کے تین سال کا اضافہ ہو جاتا ہے، مثلاً اگر وہ حوالدار بن جاتا ہے تو پینتالیس سے وہ اڑتالیس پہ پہنچ جائے گا، وہ اگر پھر آگے لانس نائیک اور حوالدار اور پھر نائب صوبیدار اور پھر صوبیدار، تو اس پہ ان کی جو Maximum retirement age ہے وہ پچپن سال ہو جائے گی، یعنی سب کی پچپن سال ہو جائے گی، ہم یہ کہتے ہیں کہ Across the board سب کی ساٹھ سال کر دیں تو اس میں ظاہر ہے صوبیدار میجر سارے تو Young نہیں ہیں، تو اس میں صوبیدار میجر ریٹائرڈ ہو جائیں گے، ان کو بھی وہ ملے گا، اس پہ سب کا مسئلہ مطلب حل ہو جائے گا، ہم یہ کہتے ہیں اور دیکھیں آپ ویسے بھی پولیس کو، آپ کا یہ بھی کچھ جگہوں پہ پلان ہے کہ آپ پولیس میں اس کو ضم کرنے جارہے ہیں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: شوکت یوسفزئی

<u>وزیر، محنت وافرادی قوت</u>: میری گزارش ہو گی، میری تجویز ہے کیونکہ یہ ایشو کافی عرصے سے چلا ہے اور خاص طور پہ لیوی کا ایشو ہے، تو چونکہ مجھے انہوں نے کہا ہے کہ Sixty years کر دی گئی ہے کانسٹیبل

کی، تو اگر آپ اس کو کر دیتے ہیں، تھوڑا اس کو Delay کر دیتے ہیں، میں ان کے ساتھ بیٹھ کر تا کہ اس میں کوئی وہ نہ آ جائے، دوبارہ کوئی غلطی نہ کر دیں ہم، اگر آپ چاہتے ہیں تو پھر میں اس کو روک لیتا ہوں۔

(قطع کلامی)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جی، ایک منٹ، جی۔

وزیر، محنت وافرادی قوت: عنایت صاحب که تاسو وایئ نو دې باندې واقعی دغه او کړو Consensus، میری تو یہ تجویز ہے کہ اس کو آپ Delay کر دیں تاکہ ہم اس پہ دوبارہ بیٹھ کر اس پہ کریں تاکہ یہ لوگوں کا مسئلہ ہے، Genuine issue ہے تاکہ یہ ایشو دوبارہ وہ نہ ہو جائے۔ میری ریکویسٹ ہو گی اس کو آپ ڈیفر کر دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شوکت یوسفزئی صاحب، آپ کے پاس ایک ہفتہ کا ٹائم ہے، میں اس کو ہفتے کے لئے ڈیفر کرتا ہوں، ایک ہفتے سے پہلے آپ اس کو وہ کریں، ایک ہفتے کے لیے ڈیفر۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر، اس میں ایک پوائنٹ پر بات کرنی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں وہ ڈیفر ہو گیا ناں، ایک ہفتے بعد۔

## سپیکر، ڈپٹی سپیکر، صوبائی وزراء واراکین اسمبلی کی تنخواہوں اور الاؤنسز سے متعلق سپیشل کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے کی مدت میں توسیع

Mr. Deputy Speaker: Item No. 11A, item No. 11B,
Ms. Nighat Orakzai, MPA, member Special Committee.----

محترمہ نگہت یاسمین: شکریہ جناب سپیکر صاحب، تھینک یو جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: To please move, ایک منٹ جی، میڈم، ایک منٹ، ایک منٹ، میں پورا پڑھ تو لوں ناں، To please move for the period of extension, ji.

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، یہ Time extension کے لیے موشن ہے۔
On behalf of Chairman of the Special Committee, Mr. Atif Khan, I intend to move a motion under sub rule (1) of rule 185 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of the Business Rules, 1988 that time for presentation of the report of the Special Committee may be extended till date.

نگہت یاسمین اورکزئی: یہ 11A ہے، 11B جو ہے، اس کے لئے بھی میں یہی پڑھوں گی۔

On behalf of Chairman of Special Committee, Mr. Atif Khan, I intend to-----

جناب ڈپٹی سپیکر: میں Put کرتا ہوں، اس کو میں Put کرتا ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the time period extension may be granted to present the report of the Committee in the House? Those who are in favour of it may say "Aye" and those who are against it may say "No."

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The "Ayes" have it.

جناب ڈپٹی سپیکر: آئٹم نمبر، ایک منٹ میڈم، مجھ سے پہلے نہ جائیں۔

## سپیکر، ڈپٹی سپیکر، صوبائی وزراء واراکین اسمبلی کی تنخواہوں اور الاؤنسز سے متعلق سپیشل کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کیا جانا

Mr. Deputy Speaker: Item No. 11B: Madam Nighat Yasmeen Orakzai, member Special Committee, to please present the report of the Committee, in the House.

Ms. Nighat Yasmeen Orakzai: On behalf of the Chairman, Mr. Atif Khan of the Special Committee, I intend to present the report of the Standing Committee, in the House.

Mr. Deputy Speaker: It stands presented.

## سپیکر، ڈپٹی سپیکر، صوبائی وزراء واراکین اسمبلی کی تنخواہوں اور الاؤنسز سے متعلق سپیشل کمیٹی کی رپورٹ کا منظور کیا جانا

Mr. Deputy Speaker: Item No. 11C: Madam Nighat Orakzai, member Special Committee, to please move for adoption of the report of the Committee.

Ms. Nighat Yasmeen Orakzai: Thank you, Mr. Speaker. 11C: On behalf of the Chairman, Mr. Atif Khan of the Special Committee, I intend to move that the report of the Special Committee may be adopted.

Mr. Deputy Speaker: Special Committee.

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سپیشل کمیٹی میں نے کہہ دیاناں جی۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the report of the Committee may be adopted? Those who are in favour of it may say "Aye" and those who are against it may say "No".

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The "Ayes" have it, the report is adopted.

جناب ڈپٹی سپیکر: شگفتہ ملک صاحبہ کچھ کہنا چاہ رہی تھیں Personal explanation پہ آپ کچھ کہنا چاہ رہی تھیں پہلے۔

## ذاتی وضاحت

محترمہ شگفتہ ملک: ډیر مننه سپیکر صاحب، مونږه دلته په اسمبلئ کښې د پارلیمان ممبران یو، ظاهره خبره ده چې عوامی نمائنده وی نو هغه به د عوامو مسئلې چې دی هغه دې اسمبلی ته راوړی۔ اوس زه په دې نه پوهیږم چې کله دوئ سره مونږ Reasoning شروع کړو نو هم دوئ خفه کیږی، چې کله مونږ دا خبره اوکړو چې اؤ دا سوال چې دے دا ډیپارټمنټ مونږه Appreciate کړو نو هم دوئ ته سکون نه ملاویږی،زه دا خبره کول غواړم جی چې کومه خبره، دلته کښې کامران پکار ده چې اوس ناست وے ، چې یو خبره اوکړی نو بیا پکار ده چې ناست وے ، دوئ چې کومه خبره اوکړه چې دا دومره ډیټیل چې دے دا دوئ څننګه اوویلو، ما سره چې کوم ډیټیل دلته ماله ډیپارټمنټ راکړے دے نو دا ما بیګا درې بجو پورې سټډی کړے دے او په دې کښې سپیکر صاحب، چې څومره، تاسو ته ما Already اوویل چې ما په دې کښې څومره زیات ډیټیلز اوکتل نو په هغې کښې داسې انفارمیشن وو چې هغې کښې څه Missing وو، په هغې کښې Over age کسان هم دی، په هغې کښې داسې کسان هم شته چې د هغوی ما ته مکمل ډیټیل که هغه د ډومیسائل خبره اوکړم که اسناد خبره، هغه نه دی ملاؤ، ما څکه دوئ ته دا اوویل چې Overall ډیپارټمنټ کافی ماته انفارمیشن راکړی دی نو زه Appreciate کوم، زه ئے ستائنه کوم خو کامران چونکه نوے نوے منسټر شوے دے ، ډیر زیات جذباتی دے او اسمبلئ کښې د ممبر سره خبرو طریقې باندې زما په خیال هغه شان نه رسی۔ بله خبره دوئ دا اوکړه چې دا دومره ډیټیل ممبران ولے غواړی؟ زه یو خبره کوم جی، کامران۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میډم، ستاسو Explanation راغلو جی، ستاسو Explanation راغلو جی، اوس په ایجنډا باندې هم ستاسو خبره ده جی۔

تحریک التواء پر بحث

Mr. Deputy speaker: Item No. 12: Discussion on adjournment motions No. 354, 355, 356, 363, 364, 365, 368, 369 and 370, moved by Mr. Inayatullah Khan, Mr. Sirajuddin, Ms. Humaira Khatoon, Ms. Naeema Kishwar, Ms. Shagufta Malik, Mr. Ikhtiar Wali Khan, Ms. Rehana Ismail and Mr. Akram Khan Durrani, will continue. Ms Shagufta Malik, MPA.

محترمہ شگفتہ ملک: مننه سپیکر صاحب، ډیر زیات مهم ټاپک دے، یو Burning issue ده، د خپل دې سپیچ نه وړاندې زه دې حکومت ته یو شعر ډالئ کومه، وائی:

ے ستا د جنت په طمعه طمعه چې مري
د هغه اوړؤ په سلګو مې قسم
په دې دوزخ کښې ئے نور نشم لیدے
ستا د رضوان په منارو مې قسم
یا خو د زمکې په دې ارته سینه
ما ته خپل ژوند زما جنت را کړه
یا د نهر دوزخي مرګ نه مخکښې
د یوې چغې اجازت را کړه
چې ستا دا اوړي ستا په خوان ماړه کړم
یا په خپل ځان باندې کارغان ماړه کړم

سپیکر صاحب، زما په خیال چې دا کوم ایشو زمونږه اپوزیشن ممبرانو اوچته کړې ده نو تاسو د دې د سنجیدګئ اندازه د حکومت د دې بنچونو نه تاسو اوګورئ، پکار خو دا ده چې دا یو داسې Burning issue ده چې دا داپوزیشن حوالې سره نه بلکه دا دعوامو یو داسې ایشو ده چې نن تاسو اوګورئ چې که د هر طبقې کس دے جی که هغه مونږه د تاجر خبره کوؤ، که هغه مونږه د مزدور خبره کوؤ، که هغه مونږه د تعلیم یافته د سرکاری نوکر خبره کوؤ، که هغه مونږه د ځوانانو خبره کوؤ، که هغه مونږه د زنانؤ خبره کوؤ نو تاسو اوګورئ چې هر طبقه چې دے هغه په احتجاج ده۔ د دې ګرانئ خلاف زه په دې

نه پوهیږم چې یو داسې ایشو چې په کور کښې د انسان بنیادی ضرورت او هغه ضرورت چې د هغې نه بغیر زما په خیال ژوند نیمګړے نه بلکه ناممکنه دے ، د هغې نه بغیر ژوند کول چې دے هغه ډیر ګران کار دے او که بیا تاسواوګورئ چې که مونږه د حکومت پالیسی اوګورو ، د حکومت Vision خبره مونږه اوکړو نو د روزانه په بنیاد چې کومه اضافه کیږی ، اوس مونږ خو به دا کتل چې کله به بجټ راتلو، په بجټ کښې به مونږ کتل چې دا دومره ګرانی شوه، دومره Percentage سیوا شو ، خو دا چې روزانه صحر پاڅی زمونږه عوام نو ګوری چې په پټرول کښې دومره اضافه شوې ده، په چینو کښې دومره اضافه شوې، په دالونو کښې او په اوړو کښې دومره اضافه شوې ده، اوس یو مزدور سپیکر صاحب، چې کله یو مزدور مزدوری اوکړی نو د هغه په مزدورئ کښې تاسو اضافه نه ده کړې، که یو سرکاری نوکر نوکری کوی، د هغه په تنخواه کښې ته اضافه نه کوې، که یو تاجر چې دے یا یو صنعت کار چې دے هغه کوم کاروبار کوی، په هغې کښې ته هغه ته څه فائده یا د هغه چې کوم انکم دے په هغې کښې څه سیوا شوی نه دی، بیا تاسو اوګورئ چې تاسو په کوم بنیاد باندې، تاسو دې ته اوګورئ چې که عوامی خلق وی، جمهوری خلق وی او کله ئے حکومت راځی نو هغه په خپل منشور کښې د هغې چې کوم پوائنټس وی نو هغه عوامی وی، چې زه به د عوامو د پاره ریلیف ورکړم، اوس تاسو اوګورئ چې د عوامو ریلیف خبره به مونږ نه کوؤ، هغه غریب انسان د هغه به خبره مونږ څه اوکړو چې یو غریب چې دے ، هغه خو تاسو اوګورئ روزانه تاسو میډیا اوګورئ، روزانه تاسو اخبارونه اوچت کړئ، روزانه تاسو سوشل میډیا اوګورئ چې زمونږه غریب چې کوم خلق دے هغوی خو دومره بې وسه شو چې هغوی خو خودکشیانو باندې مجبوره شو، هغوی خپل بچی وږی تږی نه شی لیدے ، هغوی بچو له زهر ورکولو باندې مجبوره شو، زمونږه هغه مډل کلاس چې د سپینې جامې خلق وو، هغه د سپینې جامې خلق چې دی هغه دومره مجبوره شو چې خیراتونو باندې مجبوره شو، دغه مډل کلاس تاسو اوګورئ چې هغه خو ټوله ورځ په دې سوچ کښې وی چې د بجلئ بل به څنګه ورکوم، د ګیس بل به څنګه ورکوم، پټرول به څنګه پوره کوم، د خپلو بچو تعلیم به څنګه کړم؟ بیا که مونږه د اپر کلاس خبره اوکړو، که

هغه د صنعت کار اور تاجر خبره اوکړو، تاسو اوګورئ چې هغه هم د روزانه په بنیاد احتجاج دے، ډیر ه د افسوس خبره دا د چې که د صحت حوالې سره مونږه خبره اوکړو، دا هغه بنیادی ایشوز دی چې په دې هم حکومت سنجیده نه دے، په دې هم حکومت اوسه پورې Clear نه دے چې په هر څه باندې به Compromise اوشی، په هیلتھ باندې به زمونږه خلق هغه خلق چې د ه هغوی په کور کښې بچے ناجوړه دے، هغه خلق چې د هغوی مور پلار په هسپتالونو کښې دی، هغه خلق چې نن تاسو اوګورئ چې د ډینګی وباء راغلې ده، د Covid already یو وباء راغلې ده، په داسې حالاتو کښې په هیلتھ باندې هیڅوک Compromise نه کوی خو تاسو اوګورئ چې که نن ته یو ګولئ د پیناډول ګولئ ته نن په شل روپۍ اخلې نو په سبا به هغه ته په څلویښت روپۍ اخلې، په بله ورځ هغه ته په شپیته روپۍ اخلې، اوس دا فریاد زمونږ خلق چا ته اوکړی؟ په احتجاجونو باندې په دې صوبه کښې په ګټ ګټ کښې تاسو اوګورئ چې د سیاسی ګندونو احتجاج کښې عام خلق راځی، عام تاجر عام دکاندار عام مزدور چې دے هغه راځی، هغه ژاړی او هغه فریاد کوی، تاسو ته زما دا خواست دے چې دا یو داسې ایشو ده چې پکار دا ده چې تاسو په دې باندې سیریس سوچ اوکړئ، د قرضو حالات تاسو اوګورئ چې کومې قرضې لګیا دے اخلی، اوس قرضه که ته د دې د پار ه اخلې چې ته یو میګا پراجیکټ شروع کړې، اوس قرضه که د دې د پاره اخلې چې ته د عوام د پاره په هغې کښې څه ریلیف وی یا قرضه د دې د پاره اخلې چې په هغې کښې ته ډیمز اوکړې نو هغه به مونږ وئیلے شو چې یره څه فائده ده خو که ته خپل بجټ خسارې د پاره اخلې، بل د ټولو نه مهمه خبره دا ده جی چې قرضې تاسو اخلئ تاسو دې ته هم اوګورئ چې زمونږه Provincial autonomy خبره مونږه کوؤ Eighteenth Amendment کښې چې کوم ډیپارټمنټس ستا Devolve شوی دی، هغه دوباره په فیډرل کښې هغه موجود دی، اوس د هغوی تاسو اخراجات اوګورئ، تاسو اوګورئ چې Overall زمونږ څومره بجټ په هغې باندې ضائع کیږی؟ اوس پکار خو دا دے چې کوم ډیپارټمنټس Devolved دی نو هغه د صوبې کار دے نو هغې کښې چې کوم Rich departments دی هغه فیډرل ځان سره ایښودی دی۔ اوس دا ټولې اضافی

خرچې غیر ترقیاتی بجټ تاسو اوګورئ، اوس دا که تاسو کم کړے هم وی، زما په خیال تاسو به بیا سوچ کولے شئ چې دا دومره قرضې مونږ په کوم بنیاد باندې اخلو؟ زما خواست به حکومت ته دا وی چې زمونږ عوام چې دی هغه ډیر زیات مجبوره دی، زمونږ خلق چې دی هغه دې حد ته اورسیدل چې مونږ خلق که تاسو اوس هم په دې سوچ نه کوئ ځکه چې د تیرو اته کالونو نه تاسو په دې صوبه باندې مسلط یئ، تیرو اته کالو کښې تاسو په دې عوام حکومت چې کوم دے، تاسو اوګورئ،۔۔۔۔

(اس مرحلہ پر میاں نثار گل، رکن اسمبلی کورم کی نشاندہی کر کے ایوان سے باہر تشریف لے گئے)

جناب ڈپٹی سپیکر: میاں نثار گل صاحب نے کورم کی نشاندہی کی ہے، اچھا ان کے ساتھ ہمیشہ مذاق کرنا چاہیے تب یہ خوش رہیں گے۔ کل بھی اس طرح کیا ہے اپوزیشن نے اور آج بھی، دو منٹ کے لئے گھنٹیاں بجائیں، اپوزیشن ایک چیز پہ بات کرنا چاہ رہی ہے، افسوس مجھے ہو رہا ہے اور اپوزیشن ہی اس کو، کل بھی شگفتہ ملک صاحبہ کر رہی تھیں اور آج بھی۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب ڈپٹی سپیکر: Count کریں جی۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب ڈپٹی سپیکر: اکیس (21)، کورم پورا نہیں ہے۔

The sitting is adjourned till 02:00 p.m Monday, 22nd November, 2021.

---

(اجلاس بروز سوموار مورخہ 22 نومبر 2021ء بعداز دوپہر دو بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)